ICI PAKISTAN LTD.

# ہمقدم

DOUBLE ISSUE

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پبلی کیشن کا سہ ماہی جریدہ

جلد نمبر ۹ شمارہ نمبر ۳/۴ جولائی تا دسمبر ۲۰۱۹

A Part of YBG






# چیف ایگزیکٹو کا خطاب سال 19-2018 کی کارکردگی کا جائزہ

چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ نے سال 19-2018 کے دوران کمپنی کی کارکردگی کے بارے میں تمام اسٹاف کو اعتماد میں لیا اس حوالے سے ہیڈ آفس سے 6 مرکزی اور 14 علاقائی لوکیشنز کو وڈیو لنک ٹیکنالوجی کا سہارا لیتے ہوئے منسلک کیا گیا جس میں ہماری کارپوریٹ آئی ٹی ٹیم کا کردار نمایاں اور قابلِ ستائش رہا۔

چیف ایگزیکٹو نے حسب معمول اپنے خطاب کا آغاز کمپنی کی سیفٹی اور اقدار کے بارے میں گفتگو سے کیا۔ انھوں نے بتایا کہ کمپنی نے مجموعی طور پر 24 ملین سے زائد مین آورز جس میں صرف سوڈا ایش کے 19 ملین سے زائد مین آورز شامل ہیں بغیر کسی انجری کے مکمل کر لئے ہیں جو یقیناً آپ سب کی سیفٹی کے بارے میں انتہائی توجہ اور کام کے دوران محفوظ رویئے کی نشاندہی کرتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ افراط زر میں 6 فیصد کے مقابلے میں اوسطاً 7.2 فیصد اضافہ، ایسی وجوہات ہیں جن کی وجہ سے معیشت سست روی کا شکار ہے۔

انھوں نے بزنسز کی کارکردگی کے بارے میں بتایا کہ سوڈا ایش، پولیئسٹر اور پاور جن کی کارکردگی اس دوران نہایت شاندار رہی جبکہ فارما ادویات کی قیمتوں کے تنازے کی وجہ سے اور اینیمل ہیلتھ پولٹری، سائیلج اور ونڈا کی فروخت میں کمی کی وجہ سے متاثر ہوئے۔ اس حوالے سے دیکھا جائے تو کیمیکلز کی شاندار فروخت نے کافی حد تک سہارا دیا ہے۔

انھوں نے بتایا کہ مجموعی طور سے ہمارا نیٹ ٹرن اوور گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 19 فیصد زیادہ رہا جبکہ مجموعی آپریٹنگ منافع 7 فیصد زیادہ رہا جس میں سوڈا ایش 32 فیصد، پولیئسٹر 39 فیصد اور کیمیکلز اینڈ ایگری سائنسز کی 146 فیصد جیسی شاندار کارکردگی رہی۔
























انھوں نے شرکاء کو بتایا کہ سوڈا ایش کے 150KTPA توسیعی منصوبے کا پہلا مرحلہ مکمل ہوچکا ہے جبکہ ماسٹر بیج اور نیوٹریکو مورینا گا کے منصوبے بھی اپنے پیداواری مرحلے میں داخل ہوچکے ہیں جو کہ کمپنی کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کریں گے۔

بزنسز کے سال کے دوران نمایاں اقدامات کے بارے میں بتاتے ہوئے انھوں نے کہا کہ سوڈا ایش نے سال کے دوران پیداوار اور فروخت کے نئے ریکارڈ قائم کئے ہیں جس کی وجہ سے مارکیٹ شیئر میں اضافہ ہوا ہے بلکر (Bulkar) ٹرانسپورٹیشن پروجیکٹ کامیابی سے پایہ تکمیل کو پہنچ چکا ہے اور کسٹمرز کو ڈیلیوری شروع ہوچکی ہیں۔ ایکسپورٹ کیلئے ہم بنگلہ دیش کی مارکیٹ میں قدم رکھ چکے ہیں۔

پولیئسٹر سیلز نہایت شاندار رہیں۔ ہمارا بلیک فائبر مارکیٹ میں تیزی سے اپنا شیئر بڑھا رہا ہے پلانٹ کی تاریخ کا سب سے بڑا شٹ ڈاؤن کسی کاروباری سرگرمی کو متاثر کئے بغیر نہایت کامیابی سے مکمل ہوا جبکہ مزید دو نئی پروڈکٹس بھی اس دوران تیار کی گئیں۔

کیمیکلز اینڈ ایگری سائنسز کے حوالے سے انھوں نے بتایا کہ ٹیکسٹائل کیمیکلز میں نمایاں مقام رکھنے والے ہنٹسمین کے ساتھ پارٹنرشپ معاہدہ طے ہوا جو کہ ہمارے پروڈکٹ پورٹ فولیو اور مارکیٹ میں ہمارے مقام کو مزید نمایاں کرے گا۔ اس کے علاوہ ماسٹر بیج پلانٹ سے پیداواری عمل شروع ہو چکا ہے۔ جبکہ ایگرو کیمیکلز کے سیڈز کے شعبے نے نہایت شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔

فارماسیوٹیکلز کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے بزنس میں کارکردگی اور انداز کے حوالے سے کچھ تبدیلیاں لائی ہیں جس سے امید ہے کہ بزنس مزید ترقی کریگا۔

انھوں نے خاص طور سے ٹنورمن کے بارے میں بتایا کہ یہ پروڈکٹ اب بلین کلب پروڈکٹ میں شامل ہوگئی ہے جو کہ یقیناً ہم سب کیلئے ایک اعزاز کی بات ہے۔ انھوں نے خام مال اور پیکیجنگ کے متبادل ذرائع پر غور اور ڈسٹریبیوٹر کا بہترین طریقے سے استعمال اور بورڈ کی جانب سے 10 سالہ اسٹریٹیجی کی منظوری کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔

اینیمل ہیلتھ: بزنس کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ بزنس نے ٹراویوٹریشن کے ساتھ کاروباری معاہدہ کیا ہے جو کہ ہمارے لائیو اسٹاک اور پولٹری کے کاروبار کی ترقی میں نمایاں اضافہ کریگا۔ انھوں نے کہا کہ ہمارا فارمرز چوائس برانڈ اب 2.2 ملین سیلز کے سنگ میل کو عبور کرچکا ہے۔

نئے فیڈ مل میں پروڈکشن شروع ہوچکی ہے اور ہم 50 کلو کے سائیلیج پیک کی بدولت اب چھوٹے اور درمیانے درجے کے ڈیری پروڈیوسرز سے رابطے کررہے ہیں۔

اس کے علاوہ نیوٹریکو پاکستان نے مارکیٹنگ کی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا ہے جبکہ پلانٹ سے تجارتی سرگرمیاں اکتوبر سے شروع ہوجائیں گی۔

انھوں نے اسٹاف کے بارے میں کمپنی کی جانب سے کئے گئے اقدامات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہم نے 460 سے زائد افراد کو مختلف تربیتی کورسز کیلئے بھیجا، نئے گریجوئیٹس نے کمپنی کو جوائن کیا اس کے ساتھ ساتھ امپیکٹ پروگرام بھی شروع کیا گیا۔

انھوں نے بتایا کہ اس سال ہم نے گیلپ گریٹ ورک پلیس ایوارڈ دوبارہ جیتا ہے اس کے ساتھ ساتھ ہم کو ایشیاء کی سب سے بااثر کمپنی ایوارڈ برائے 2019 بھی ملا ہے جو یقیناً آپ سب کی محنت کا ثمر ہے کیونکہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پاکستان کی واحد کمپنی ہے جس کو یہ ایوارڈز ملے ہیں۔

اسی طرح سے انھوں نے بیسٹ سی ای ایوارڈ برائے ایچ ایس ای کے ونرز اور رنرز اپ کے بارے میں بھی بتایا۔

پہچان والنٹیئرز پروگرام کے حوالے سے انھوں نے شرکاء کو بتایا کہ یہ پروگرام ہم نے گزشتہ سال شروع کیا تھا۔ سال کے دوران ہمارے 400 سے زائد والنٹیئرز نے کمیونٹی اور ماحول دوست سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیا اور 1150 سے زائد گھنٹے صرف کئے، یہ اس پروگرام کا پہلا سال تھا اور مجھے امید ہے کہ ہم سب آئندہ آنے والے سالوں میں اس سے زیادہ کام اور گھنٹے صرف کریں گے۔

انھوں نے انفرادی اور بزنس لیول پر سب سے زیادہ شرکت اور گھنٹے صرف کرنے پر سی ای ایوارڈ برائے پہچان والنٹیئر پروگرام سال 19-2018 جیتنے والوں کا بھی اعلان کیا۔

اعلان کے مطابق سرن فارما کے منصور عثمان خان کے انفرادی طور پر 51.5 گھنٹے اور سوڈا ایش بزنس نے اجتماعی طور پر شجرکاری مہم میں سب سے زیادہ شرکت (145 افراد / 389 گھنٹے) کی بدولت ایوارڈ حاصل کئے۔

# ایکسپلور: کام میں جدت

اپنے خطاب کے آخری مرحلے میں انھوں نے ایکسپلور پروگرام کے بارے میں بتایا کہ یہ ایک شاندار پروگرام رہا جس میں 900 سے زائد لوگوں نے دلچپسی کا اظہار کیا اور 200 سے زائد آئیڈیاز وصول ہوئے۔ 33 منتخب کردہ آئیڈیاز کو تمام منیجمنٹ ٹیم نے نہایت توجہ اور دلچپسی سے سنا اور غور کیا اور اس میں سے 10 سب سے بہترین آئیڈیاز کو ایک سخت مقابلے کے بعد ونر قرار دیا گیا۔







انھوں نے کہا کہ ان آئیڈیاز کی بدولت 300 ملین روپے سالانہ بعد از ٹیکس بچت ممکن ہے جبکہ پانچ سال میں ان بزنس آئیڈیاز کی بدولت 2 بلین روپے ٹاپ لائن میں اضافہ ہو گا۔

اس موقع پر بہترین آئیڈیاز کے کراچی میں مقیم ونرز کو ایوارڈز بھی دیئے گئے۔



# اداریہ

## عزیز ساتھیو!

ہمقدم کا نیا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ کمپنی کے ایک اور مالی سال کا اختتام 30 جون کو ہو چکا ہے اور باوجود مشکل معاشی حالات کے ہم سب نے ملکر کمپنی کی ترقی کی رفتار کو منظم اور بر قرار رکھنے میں اپنا اپنا کردار ادا کیا ہے کیونکہ ہمارا عزم ہے کہ ہم ترقی کیلئے کوشاں (Cultivating Growth) رہیں گے۔ کمپنی کی کامیابی آپ سب کی کامیابی ہے جس کو ڈائریکٹرز نے اپنی رپورٹ میں سراہا۔

یہ سال اس لحاظ سے بھی ہمارے لئے اہم ہے کہ 14 اگست 2019 کو کمپنی کے قیام کے 75 سال مکمل ہو گئے ہیں۔ اس حوالے سے کمپنی کے 75 سالہ تاریخ پر مبنی ایک بھرپور نمائش کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اس نمائش کی خاص بات یہ ہے کہ یہ گردشی نمائش ہے جو کراچی سے شروع ہو کر لاہور، شیخوپورہ اور پھر آخر میں کھیوڑہ میں اختتام پذیر ہو گی۔ جب آپ یہ تحریر پڑھ رہے ہونگے تو یہ نمائش اس وقت پولیئسٹر پلانٹ شیخوپورہ میں جاری ہے۔

اس نمائش میں کمپنی کی تاریخ کو جدید اور قدیم تصاویر، وڈیوز اور آڈیوز سے سجایا گیا ہے،۔ اس کے علاوہ بہت سی تاریخی اور نادر دستاویزات کو بھی فریم کر کے محفوظ کیا گیا ہے۔

یہ نمائش کسی کو بھی کمپنی کی تاریخ اور تابناک مستقبل کے بارے میں ایک بہترین رہنما کی حیثیت رکھتی ہے، امید ہے کہ آپ لوگوں نے یہ نمائش ضرور دیکھی ہو گی۔

اپنا اور اپنے ارد گرد رہنے والوں کا اس یقین کے ساتھ خیال رکھیں کہ اوپر والا آپ کا خیال رکھے گا۔

ایڈیٹر۔عبدالغنی

abdul.ghani@ici.com.pk
Tel: 021-32318148, 32314646
Cell: 0300-8238751

ہمقدم ایک سہہ ماہی رسالہ ہے جو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اسٹاف کیلئے شائع کیا جاتا ہے۔ رسالہ میں شامل کسی بھی آرٹیکل کی اشاعت یا استعمال کیلئے اجازت لینا ضروری ہے۔

برائے رابطہ:

کارپوریٹ کمیونیکیشنز اینڈ پبلک افیئرز ڈیپارٹمنٹ
آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، 5 ویسٹ وہارف، کراچی 74000
ccpa.pakistan@ici.com.pk

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ

# ترقی کا سفر 75ویں سالگرہ

ایک کاروباری ادارے کیلئے طویل مدت تک شاندار طریقے سے کاروبار کرنا اور اس دوران کاروباری تقاضوں کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالنا تاکہ تمام اسٹیک ہولڈرز مطمئین اور خوش رہیں، یقیناً آسان کام نہیں ہے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا شمار پاکستان کے ان چند اداروں میں ہوتا ہے جن کی داغ بیل پاکستان کی تشکیل سے قبل ہی ڈال دی گئی تھی۔

1926 میں امپیریل کیمیکلز انڈسٹریز لمیٹڈ کے نام سے انگلینڈ میں کمپنی قائم کی گئی جو کہ نوبل انڈسٹریز لمیٹڈ، برنر مونڈ اینڈ کمپنی، دی یونائیٹڈ الکلی کمپنی اور برٹش ڈائی اسٹفس کارپوریشن کے انضمام سے عمل میں آئی تھی۔

1944 میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے کھیوڑہ کے مقام پر سوڈا ایش کی پروڈکشن کیلئے اپنی پہلی مینوفیکچرنگ سائیٹ قائم کی۔ اس پلانٹ نے الکلی کیمیکلز کارپوریشن آف انڈیا (ACCI) کے ایک ذیلی ادارے کے طور پر کمرشل پروڈکشن کا آغاز کیا جو کہ 1937 میں برصغیر میں آئی سی آئی کے مینوفیکچرنگ یونٹس کے انتظامات کیلئے قائم کی گئی تھی۔

14 اگست 1944ء کو پلانٹ سے پہلا سوڈا ایش کا بیگ رول آؤٹ ہوا اور کسی کو بھی پتہ نہ تھا کہ تین سال بعد یہ تاریخ پاکستان کیلئے کتنی اہمیت اختیار کر جائے گی۔

کراچی نمائش کی تصوری جھلکیاں:




































ہمارے سوڈا ایش کے پلانٹ کی ابتداء پیداواری صلاحیت 18،000 ٹن سالانہ تھی جو کہ اب 425،000 ٹن سالانہ ہوگئی ہے جبکہ مزید 75،000 ٹن سالانہ توسیعی پیداوار کے منصوبے پر کام جاری ہے جس کے بعد یہ پلانٹ 500،000 ٹن سالانہ پیداوار کے قابل ہوجائے گا۔ اس وقت آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش کے علاوہ سوڈیم بائی کاربونیٹ، پولیسٹر فائبرز، فارماسیوٹیکلز، انیمل ہیلتھ (پولٹری / لائیو اسٹاک)، کیمیکلز اینڈ ایگری سائنسز (پولی یوریتھینز، ٹیکسٹائل کیمیکلز، ماسٹر بیچز اور آئل سیڈز / ویجیٹیبل سیڈز)، مختلف انڈسٹریز کو مہیا کر رہا ہے جبکہ حال ہی میں مورینا گا ملک انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ جاپان اور یونی برانڈز (پرائیوٹ) لمیٹڈ کے اشتراک سے انتہائی جدید انفنٹ فارمولا ملک کا پلانٹ پاکستان میں لگایا ہے جس نے گزشتہ دنوں تجارتی بنیادوں پر مارکیٹ میں اپنی پروڈکٹس پیش کر دی ہیں۔ یوں اگر دیکھا جائے تو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی پروڈکٹ ہر شعبہ زندگی کو چھو رہی ہیں اس لئے ہم کہتے ہیں کہ آپ جہاں بھی جائیں، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ بالواسطہ یا بلاواسطہ آپکی روزمرہ زندگی کا حصہ ہے۔ واضح رہے کہ 1944ء میں پلانٹ سے جو پہلا سوڈا ایش کا بیگ رول آؤٹ ہوا اس دن تاریخ 14 اگست تھی اور کسی کو بھی پتہ نہ تھا کہ تین سال بعد یہ تاریخ پاکستان کیلئے کتنی اہمیت اختیار کر جائے گی۔

کمپنی کے قیام کی 75 ویں سالگرہ یقیناً ایک اہم سنگ میل ہے جو ایک ناقابل یقین سفر اور تاریخی ورثے کی یاد دلاتا ہے۔ اس حوالے سے کارپوریٹ کمیونکیشنز اینڈ پبلک افیئرز ڈیپارٹمنٹ نے سٹیزن آکائیوز پاکستان کے اشتراک سے تصویری، صوتی اور تاریخی یادگار اشیاء کی نمائش کی تیاری شروع کی گئی۔ 14 اگست 2019 کو کمپنی کے 75 سال مکمل ہوئے ہیں۔ چنانچہ سال 2019 کو 75 سالہ سالگرہ کے طور پر منانے کیلئے مختلف تقریبات کی منصوبہ بندی کی گئی۔ اس حوالے سے 19 اگست کو ڈان اخبار میں 12 صفحات پر مشتمل ایک ضمیمہ نکالا گیا اور کمپنی کی ترقی کے بارے میں ایک نمائش کا بھی اہتمام کیا گیا جس میں کمپنی کی شاندار تاریخ اور مختلف ادوار میں ترقی و توسیعی منصوبوں کے بارے میں بتایا گیا ہے۔

**آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی پروڈکٹ ہر شعبہ زندگی کو چھو رہی ہیں اس لئے ہم کہتے ہیں کہ آپ جہاں بھی جائیں، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ بالواسطہ یا بلاواسطہ آپکی روزمرہ زندگی کا حصہ ہے۔**





اس نمائش کا افتتاح 6 دسمبر 2019 کو کراچی میں تمام ایمپلائیز کیلئے کیا گیا جبکہ 7 دسمبر کو پینشنرز اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو دعوت دی گئی۔ جس میں سابق ملازمین، کسٹمرز و دیگر سماجی اور کاروباری حضرات نے خصوصی طور پر نمائش کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے تاریخی ورثے اور نایاب تصاویر اور دستاویزات کا معائنہ کیا۔ نمائش کا اہم حصہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے پرانے اور موجودہ افسران کے آڈیو انٹرویوز ہیں جو شرکاء نے بہت پسند کئے۔


افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آصف جمعہ چیف ایگزیکٹو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے کہا کہ ”75 ویں سالگرہ کمپنی کے شاندار ماضی اور ترقی کے بارے میں بتاتی ہے جس میں ہم ایک چھوٹے سے ادارے سے پاکستان کے صنعتی افق پر ایک بہت بڑے اور کامیاب ادارے کے طور پر کھڑے ہیں۔

کمپنی کی بنیادیں نہایت مضبوط ہیں اور ہم اپنے مختلف النوع پورٹ فولیوز میں توسیعی اور سرمایہ کاری کے ذریعے آئندہ کے







75 سالوں اور مستقبل میں مزید اعتماد اور جوش وجذبے کے ساتھ کام جاری رکھیں گے جو کہ ہمارے برانڈ پر اسس ترقی کیلئے کوشاں (Cultivating Growth) اور ہمارے مشن بہتر زندگی(ImprovingLive)کے عین مطابق ہو گا۔"

اس موقع پر سہیل ٹبہ، چیئر مین آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے حاضرین سے خطاب کرتے ہو کہا کہ "یونس برادرز گروپ کی جانب سے 2012 میں مالکانہ حقوق کے حصول کے بعد آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے گزشتہ چند سالوں میں اپنی اقدار کی پاسداری کے ساتھ نہایت تیزی سے ترقی کی ہے جو کہ اس کی تاریخ اور شاندار ورثہ ہے۔"

اس موقع پر انھوں نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے حقوق کی خریداری کے معاہدے پر جس قلم سے دستخط کئے تھے وہ نمائش کیلئے عطیہ کرنے کا اعلان کیا۔ جس کو شرکاء نے بھرپور انداز سے سراہا۔

اس نمائش کی ایک اور خاص بات یہ ہے کہ یہ گردشی نمائش ہے جو کہ کراچی سے شروع ہوئی ہے۔ لاہور میں اس نمائش کا افتتاح 30 جنوری کو سہیل اسلم خان نے کیا۔ شرکاء سے اپنے خطاب میں انھوں نے کہا کہ آج آپ سب دیکھیں گے کہ کمپنی نے گزشتہ 75 سال میں کس طرح ترقی کی ہے۔ انہوں نے خاص طور سے ریٹائرڈ شرکاء کو مخاطب کر کے کہا کہ اس ترقی میں آپ سب کا کردار بہت اہم رہا ہے۔ تقریب میں لاہور آفس کے اسٹاف کے علاوہ لاہور میں مقیم ریٹائرڈ افراد کو بھی مدعو کیا گیا تھا۔ ان کی آمد سے تقریب کا لطف دوبالا ہو گیا اور کافی تعداد میں پرانے دوستوں اور ساتھیوں کو ایک دوسرے سے ملنے کا موقع بھی ملا۔ لاہور میں بھی یہ نمائش تقریباً ایک ماہ تک لگی رہی اور پرانے ساتھی اور کسٹمرز کمپنی کی تاریخ کے بارے میں آکر اس کو دیکھتے رہے۔







## لاہور نمائش کی تصوری جھلکیاں:





























پولیئسٹر ورکس، شیخوپورہ میں اس نمائش کا افتتاح نعمان افضل نے 5 مارچ کو کیا جس میں اسٹاف اور پلانٹ ورکرز نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

ماہ اپریل میں یہ نمائش اپنی آخری منزل یعنی کھیوڑہ کی جانب سفر شروع کرے گی اور وہاں ایک مستقل میوزیم میں اس کو منتقل کر دیا جائیگا۔





















## شیخوپورہ نمائش کی تصویری جھلکیاں:






















75 Years and Beyond
#ICIPakistan #ImprovingLives
Join us for an immersive tour of the Company's
incredible history and growth story
75
















75 Years and Beyond




# آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سالانہ اجلاس عام



آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا سالانہ اجلاس عام 21 ستمبر 2019 کو ہیڈ آفس، 5 ویسٹ وہارف میں منعقد ہوا جس میں شیئر ہولڈرز نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیئر مین محمد سہیل ٹبہ نے کمپنی کے مالی سال 2018-19 کی کارکردگی کے بارے میں شرکاء کو بتایا کہ آپ کو کمپنی کی جانب سے مالیاتی گوشوارے بھیجے جا چکے ہیں اور امید ہے کہ آپ نے اس کا بھرپور مطالعہ بھی کیا ہو گا۔ چنانچہ آپ سے درخواست ہے کہ اگر اس حوالے سے سوالات ہیں تو وضاحت کیلئے ہم حاضر ہیں۔ چنانچہ چند شرکاء نے مختلف سوالات کئے جن کے چیئر مین اور بورڈ ممبران نے تسلی بخش جوابات دیئے۔ اس موقع پر شرکاء نے مالیاتی گوشوارے کے ساتھ ساتھ حتمی منافع منقسمہ کی بھی منظوری دی۔

اجلاس کے اختتام پر شرکاء کی تواضع کا بھی بندوبست کیا گیا تھا۔ جس کو تمام افراد نے سراہا۔

















# آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کارپوریٹ بریفنگ

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے شیئر ہولڈرز اور تجزیہ کاروں کیلئے کمپنی کی کارکردگی کے بارے میں ایک آگاہی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ یہ تقریب پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے آڈیٹوریم میں 28 اگست کو منعقد ہوئی۔ تقریب میں شیئر ہولڈرز اور تجزیہ کاروں کی بڑی تعداد نے بھرپور دلچسپی سے شرکت کی۔

کمپنی کی جانب سے محمد عابد گناترا، چیف فنانشل آفیسر نے نوشین احمد، کمپنی سیکریٹری، جنرل کونسل اور ہیڈ آف کارپوریٹ کمیونکیشن اینڈ پبلک آفیئرز اور عاطف ابو بکر، جنرل منیجر فنانس کے ہمراہ کمپنی کی مالیاتی کارکردگی اور توسیعی منصوبوں پر پیش رفت سے شرکاء کو آگاہ کیا۔

کمپنی کی سماجی بہبود اور فلاحی منصوبوں کے بارے میں نوشین احمد نے گفتگو کی اور شرکاء کو ان منصوبوں کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا۔

تقریب کے اختتامی حصے میں سوال و جواب کا سلسلہ شروع ہوا اور تجزیہ کاروں اور شیئر ہولڈرز نے کمپنی کی کارکردگی کے بارے میں سوالات کئے جن کے تسلی بخش جوابات دیئے گئے۔













# ششماہی نتائج برائے سال 20-2019 کا اعلان




## بعد از ٹیکس منافع میں 124 فی صد اضافہ

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے مالیاتی سال 20-2019 کی 31 دسمبر 2019 کو ختم ہونے والی دوسری سہ ماہی کے مالیاتی نتائج کا اعلان کر دیا۔ مجموعی بعد از ٹیکس منافعے میں 124 فی صد اضافہ، مستقبل بھی مثبت

مالیاتی نتائج کی جھلکیاں

- مجموعی طور پر (بشمول کمپنی کے ذیلی اداروں: آئی سی آئی پاکستان پاور جن لمیٹڈ، سرن فارماسیوٹیکلز (پرائیویٹ) لمیٹڈ اینڈ نیوٹریکو مورینا گا (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے نتائج) زیرِ جائزہ چھ ماہ کے دوران خالص آمدنی 29,745 ملین روپے رہی جو کہ گزشتہ سال کی اسی مدت (SPLY) کے مقابلے میں 5 فی صد زیادہ ہے، جبکہ آپریٹنگ نتائج 3,458 ملین روپے رہے جو کہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 77 فی صد زیادہ ہیں۔
- زیرِ جائزہ چھ ماہ کی مدت کے لئے بعد از ٹیکس منافع (PAT) 1,846 ملین روپے رہا جو کہ گزشتہ سال کی اسی مدت (SPLY) کے مقابلے میں 124 فی صد زیادہ ہے۔ جبکہ ہولڈنگ کمپنی کی فی حصص آمدنی 20.05 روپے رہی جو کہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 127 فی صد زیادہ ہے۔ اگر چہ زیرِ جائزہ مدت کے دوران مالیاتی (سود) اخراجات زیادہ تھے مگر یہ بہتر نتائج اعلیٰ ترین آپریشنل کارکردگی اور گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں زرِ مبادلہ کی مستحکم شرح تبادلہ کی وجہ سے حاصل ہوئے۔ کمپنی کو نیوٹریکو پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی جانب سے منافع کے حصے کے طور پر 286 ملین روپے کی رقم بھی وصول ہوئی۔
- انفرادی حیثیت میں کمپنی کو بعد از ٹیکس گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں (PAT) منافع 2,070 ملین روپے حاصل ہوا اور فی حصص آمدنی 22.41 روپے رہی جو کہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 130 فی صد زیادہ ہے۔

ششماہی نتائج کے اعلان کے بعد آصف جمعہ، چیف ایگزیکٹو، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے کہا کہ ”اگرچہ مائیکرو اکنامکس کے ماحول میں کمپنی کو بہت سے چیلنجز کا سامنا تھا پھر بھی ہم نے عمدہ نتائج برآمد کیئے۔ کمپنی اپنے نتائج کو مزید بہتر بنانے کے لئے پرعزم ہے جس کیلئے پروڈکٹ پورٹ فولیو اور آپریشنل استعداد پر توجہ برقرار رکھنا ہوگی جس میں قیمتوں میں تبدیلی کو ترجیح دینا اور ترقی کیلئے نئے اقدامات اختیار کرنا شامل ہیں۔ کمپنی نے حال ہی میں LeanSixSigma پروگرام شروع کیا ہے جس کا مقصد طریقہ کار میں تبدیلیاں لانا اور صارفین پر توجہ کو زیادہ مرکوز کرنا ہوگا۔“

کاروباری جھلکیاں:

زیرِ جائزہ چھ ماہ کے دوران کچھ دیگر مثبت پیش رفت بھی ہوئی ہے:

- کمپنی اپنے 150,000 ٹن سالانہ پیداوار کے سوڈا ایش توسیعی پروگرام کے دوسرے مرحلے کے تعمیراتی کام کے آغاز کیلئے تیار ہے۔
- بہتر آپریشنل استعداد اور آگے بڑھنے کے عمل میں تیزی لانے کیلئے فارماسیوٹیکلز بزنس نے سیرین فارماسیوٹیکلز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کا آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ساتھ انضمام کا عمل شروع کر دیا ہے۔ دسمبر کے مہینے میں فارماسیوٹیکلز بزنس نے AstraZeneca یو کے لمیٹڈ کے ساتھ ڈسٹری بیوشن کے معاہدے کو مکمل کر لیا جس سے کمپنی کی طویل المدت شراکت کو مزید تقویت ملی اور اس طرح پاکستان میں مریضوں کی سہولت کیلئے مارکیٹ میں جدید AstraZeneca پروڈکٹس دستیاب ہوں گی۔
- اسٹیٹ آف دی آرٹ نیوٹریکو مورینا گا انفنٹ اینڈ گروئنگ اپ فارمولا مینوفیکچرنگ فیسلیٹی نے دوسری سہ ماہی میں اپنی کمرشل پروڈکشن کا آغاز کر دیا ہے جب کہ اس کے کمرشل آپریشن کا آغاز جنوری 2020 میں ہوا اور اس کی پروڈکٹس مارکیٹ میں فروخت کیلئے پیش کر دی۔
- Masterbatches Division نے جس کا آغاز مئی 2019 میں ہوا تھا، دوسری سہ ماہی میں ہی اپنے والیم کو دگنا کر لیا ہے۔ ڈویژن نے پروڈکٹ ڈیولپمنٹ اور کسٹمر کی خریداری پر خصوصی توجہ کے ذریعہ مارکیٹ میں جگہ بنالی ہے جس کے باعث نئے کسٹمرز کی شمولیت، بار بار آرڈر کے حصول میں کامیابی اور نئی ٹیکنیکل ڈیولپمنٹ جیسے نتائج سامنے آئے ہیں۔

میکرو اکنامک کے مستقل چیلنجز کے باوجود کمپنی پر اعتماد ہے اور اپنے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مربوط اور مضبوط تعلقات قائم رکھنے پر توجہ مرکوز رکھتے ہوئے بہترین خدمات اور مختلف النوع پروڈکٹس پیش کر رہی ہے نیز مستعدی کے ساتھ نامیاتی اور غیر نامیاتی دونوں میں ترقی کے مواقع تلاش کر رہی ہے جو اس کے برانڈ پرامس "ترقی کے لئے کوشاں" Cultivating Growth اور "امپرونگ لائیوز" کے عین مطابق ہے۔

# آئی سی آئی پاکستان کے ایوارڈز








ACES AWARDS
ASIA CORPORATE EXCELLENCE & SUSTAINABILITY AWARDS

BEST PLACE TO WORK 2019






آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ، پاکستان کے ان چند کارپوریٹ اداروں میں سے ایک ہے جن کا قیام پاکستان کی تشکیل سے قبل عمل میں آیا۔ آئی سی آئی پاکستان نے 14 اگست 1944 کو کھیوڑہ میں سوڈا ایش پلانٹ سے اپنے کاروبار کا آغاز کیا۔ آج کمپنی کو 75 سال سے زائد عرصہ ہو چکا ہے اور اس طویل عرصے میں کمپنی نے بے انتہا ترقی کی ہے۔ 12000 ٹن سالانہ پیداوار کا حامل پلانٹ اس وقت 425،000 ٹن سالانہ سوڈا ایش بنا رہا ہے اور مزید 75،000 سالانہ پیداوار کا توسیعی منصوبہ زیر تعمیر ہے۔ کمپنی نے جہاں پاکستان کی معیشت میں اپنا اہم کردار ادا کیا ہے وہاں معاشرے میں کمپنی کی پالیسیز اور کام کرنے کے انداز کو غیر جانبدار اداروں کی طرف سے مسلسل سراہا بھی جاتا رہا ہے۔ اس سال ہم نے مسلسل دوسری مرتبہ گیلپ بہترین کام کی جگہ "Best-Place-towork Award-2019-" جیتا ہے۔ اس کے علاوہ ہمارے مالیاتی گوشواروں اور سماجی بہبود کے کاموں کو بھی پاکستان کے مایہ ناز اداروں کی جانب سے دوسرا اور تیسرا انعام دیا گیا۔ جبکہ حال ہی میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج نے بھی ٹاپ 25 کمپنیز ایوارڈز کیٹیگری میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کو نوازا۔

ان ایوارڈز کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ گیلپ کام کرنے کی بہترین جگہ ایوارڈ 2019 (مسلسل دوسری مرتبہ)
(Best place to work Award 2019)

2۔ آئی کیپ / آئی سی ایم اے ایوارڈز
(Best Corporate Report Award 2017-18)
بہترین مالیاتی گوشوارہ 18-2017 تیسرا انعام
(Best Sustainability Report Award 2017 18)
بہترین سماجی بہبود پروگرام 18-2017: دوسرا انعام


3۔ پاکستان سوسائٹی برائے ہیومن ریسورس مینجمنٹ
کام کرنے کی بہترین جگہ ایوارڈ 2019
(Best Place to work Manufacturing and Engineering Industry)

4۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج ٹاپ کمپنیز ایوارڈ
ٹاپ 25 کمپنیز ایوارڈ

ان ایوارڈز کا حصول یقیناً ہم سب کیلئے نہایت اعزاز اور خوشی کا باعث ہے کہ ہم ایک ایسی کمپنی کیلئے کام کرتے ہیں جس کو غیر جانبدار ادارے نہایت اہمیت دیتے ہیں۔

# نیوٹریکو مورینا گا پلانٹ کا افتتاح



















## گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور مہمان خصوصی

نیوٹریکو مورینا گا انفنٹ فارمولا مینو فیکچرنگ پلانٹ کی افتتاحی تقریب 20 ستمبر 2019 کو نیوٹریکو مورینا گا پلانٹ واقع شیخوپورہ میں منعقد ہوئی۔ پلانٹ کا افتتاح مہمان خصوصی گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے، چیئرمین نیوٹریکو مورینا گا سہیل ٹبہ، چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ اور مورینا گا ملک انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ جاپان کے پریذیڈنٹ می چو میاہارا نے مل کر کیا۔

انتہائی جدید ٹیکنالوجی کا شاہکار نیوٹریکو مورینا گا انفنٹ فارمولا مینو فیکچرنگ فارمولا پلانٹ کئی لحاظ سے خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔ مثلاً اس کی تعمیر میں:

- بغیر کسی حادثے کے 2.8 ملین سیف مین آورز صرف ہوئے
- 5.5 بلین روپے کی مجموعی سرمایہ کاری ہوئی
- پروجیکٹ کی 18 ماہ میں تکمیل ہوئی
- 1200 ٹن سالانہ پیداواری صلاحیت

یہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے کارپوریٹ انجینئرنگ اینڈ ٹیکنیکل ڈیپارٹمنٹ (CETD) کی ٹیم کا شاندار کارنامہ ہے۔ واضح رہے کہ محمد اظہر زمان کی سربراہی میں CETD کی ٹیم کا یہ پہلا گرین فیلڈ پروجیکٹ ہے ورنہ اس سے قبل ٹیم موجودہ پلانٹس کے توسیعی منصوبوں پر ہی کام کرتی رہی ہے۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمانِ خصوصی گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے کہا کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، یونی برانڈز (پرائیوٹ) لمیٹڈ اور مورینا گا ملک انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ جاپان کا یہ مشترکہ منصوبہ پاکستان کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کریگا۔ اس منصوبے کی بدولت جہاں بچوں کی نشوونما اور غزائیت کی ضروریات پوری کرنے میں مدد ملے گی۔ وہاں روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ انھوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں آئی سی آئی کا نام ایک کامیاب کاروباری ادارے کی حیثیت سے پہچانا جاتا ہے اور اس ادارے کا پاکستان کی معیشت میں اہم کردار ہے۔ مجھے آج اس تقریب میں شرکت اور پلانٹ کا افتتاح کرتے ہوئے نہایت خوشی محسوس ہو رہی ہے۔

اس سے قبل آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ آئی سی آئی



پاکستان لمیٹڈ کی تاریخ پاکستان کی تاریخ سے بھی پرانی ہے ہم نے اس سال پاکستان میں اپنی موجودگی کے 75 سال مکمل کئے ہیں۔ کمپنی پاکستان کی معیشیت میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ ہم اپنے توسیعی منصوبوں کی بدولت اپنے کسٹمرز کو ان کی ضرورت کے مطابق خام مال سپلائی کر رہے ہیں۔ کمپنی اور پاکستان کا ترقی کی شاہراہ پر سفر ساتھ ساتھ ہے۔

نیوٹریکو مورینا گا پلانٹ کا سنگ بنیاد نومبر 2017 میں رکھا گیا اور 18 ماہ کی قلیل مدت میں پلانٹ سے پیداوار شروع ہو گئی۔ یہاں مورینا گا انفنٹ اور بڑوں کیلئے فارمولا پروڈکٹ تیار کی جائیں گی۔

انھوں نے مزید کہا کہ یہ مشترکہ منصوبہ حکومت پاکستان کے درآمدی بل میں کمی اور خود انحصاری اختیار کرنے کے وژن کی عکاسی ہے۔




تقریب میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، یونی برانڈز پرائیویٹ لمیٹڈ اور مورینا گا ملک انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ جاپان کے نمایاں کسٹمرز بینکرز اور حکومتی اداروں کے اعلیٰ عہدیداروں نے شرکت کی۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئر مین نیوٹریکو مورینا گا پرائیویٹ لمیٹڈ محمد سہیل ٹبہ نے کہا کہ نیوٹریکو مورینا گا مینوفیکچرنگ پلانٹ ہمارا مشترکہ منصوبہ اور فلیگ شپ پروجیکٹ ہے۔ اس کی بدولت ہم ایک نئے دور میں داخل ہو رہے ہیں۔ 2012 میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے حصول کے بعد یونس برادرز گروپ نے کمپنی میں 5 بلین سے زائد کی سرمایہ کاری کی ہے۔



تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مورینا گا ملک انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ جاپان کے پریذیڈنٹ می چو میاہارا نے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ ہم نے ایک با اعتماد پارٹنر کا انتخاب کیا ہے اور امید کرتے ہیں کہ یہ پارٹنر شپ طویل عرصے تک جاری رہے گی۔









مورینا گا ملک انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ، جاپان کا قیام 1917 میں نیپون رینو کمپنی کے نام سے عمل میں آیا اور 1949 میں اسے مورینا گا ملک انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ کا نام دیا گیا۔ آج دنیا بھر میں اس کے 3000 سے زائد ملازمین ہیں۔ ستمبر 2017 میں کمپنی نے اپنے قیام کے 100 سال مکمل کئے۔ کمپنی کا نیا کارپوریٹ سلوگن For Ever Bright Smile یعنی "ہمیشہ دلکش مسکراہت کیلئے" جو مورینا گا کی اس خواہش پر مبنی ہے کہ ایڈوانس انفنٹ ملک ٹیکنالوجی سے تیار کردہ منفرد پروڈکٹس کے ذریعے صحت مند اور خوشگوار لائف اسٹائل تخلیق کرنا۔ اگلے 100 سال کیلئے مورینا گا معاشرے کو اعلیٰ اقدار فراہم کرنے کے عزم پر کاربند ہے جو ان کے کارپوریٹ سلوگن اور کارپوریٹ فلاسفی پر مبنی ہے۔

مشترکہ منصوبے کے پارٹنر یونی برانڈز پرائیویٹ لمیٹڈ ایک مستحکم کاروباری ادارہ ہے جو کہ مختلف اشیاء در آمد کرتا ہے۔ یونی برانڈز مورینا گا ملک انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ کے ساتھ ایک طویل اور کامیاب کاروباری تعلق رکھتا ہے جس کے تحت 1977 سے انفنٹ فارمولا ملک پروڈکٹس پاکستان میں در آمد کی جارہی ہیں۔یہی وہ بنیادی وجہ تھی جو نیوٹریکو مورینا گا (پرائیوٹ) لمیٹڈ کے سلسلے میں جوائنٹ وینچر کی بنیاد بنی۔






















# نیوٹریکو مورینا گا پلانٹ سے کمرشل پروڈکشن کا آغاز




نیوٹریکو مورینا گا (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے 10 جنوری 2020 سے بڑھتے ہوئے بچوں کی فارمولا پروڈکٹس کی کمرشل بنیادوں پر پروڈکشن شروع کردی ہے۔واضح رہے کہ پنجاب کے شہر شیخوپورہ میں قائم اسٹیٹ آف دی آرٹ نیوٹریکو مورینا گا (پرائیویٹ) لمیٹڈ منیوفیکچرنگ فیسلٹی کا افتتاح ستمبر 2019 میں گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے کیا تھا، جو کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، یونی برانڈز (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور مورینا گا ملک انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ جاپان کا مشترکہ منصوبہ ہے۔

یہ مینوفیکچرنگ فیسلٹی 5.5 بلین پاکستانی روپے کے سرمائے سے قائم ہوئی ہے جو عالمی سطح کی جاپانی ڈیری اینڈ فوڈ کمپنی کی جانب سے پاکستان میں کی جانے والی پہلی سرمایہ کاری ہے جو ملک کی صنعتی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ کرے گی۔

اس فیسلٹی میں سالانہ 12,000 ٹن پروڈکشن کی گنجائش ہے جو بین الاقوامی معیار کے مطابق تیار کی جائیں گی جو کہ بچوں کیلئے محفوظ، حفظان صحت کے فارمولے پر تیار کردہ پروڈکٹس مناسب قیمت پر دستیاب ہوں گی۔

اس موقع پر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور نیوٹریکو مورینا گا (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹیو آصف جمعہ نے کہا کہ "نیو ٹریکو مورینا گا پلانٹ میں تجارتی بنیادوں پر پروڈکٹس تیار کرنے کا آغاز آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے عہد پورا کرنے کے عزم کا اظہار ہے اور اس کے ذیلی ادارے ملک کی معاشی ترقی میں حصہ ملانے، بیرون ملک سرمایہ کاری کو متوجہ کرنے اور لوگوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے میں معاون ہیں کیونکہ ہم پاکستان بھر میں بچوں کو معیاری غذائیت کی فراہمی کیلئے سرگرم عمل ہیں"۔



# نیوٹریکو مورینا گا پروجیکٹ کا اہم ستون

## کارپوریٹ ٹیکنیکل اینڈ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ(CTED)

اس سال آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے ایک اہم سنگ میل عبور کیا جب اپنے قیام کی 75ویں سالگرہ منائی اور اس طرح اس کا شمار پاکستان کی ان چند کمپنیز میں ہوگیا جن کو یہ اعزاز حاصل ہے۔ سن2019 آئی سی آئی پاکستان کیلئے ایک اور اہمیت کا سال ہے کہ 20 ستمبر2019 کو انفینٹ ملک فارمولا "نیوٹریکو مورینا گا" کی اسٹیٹ آف دی آرٹ فیسلٹی کا آغاز ہوگیا۔ اس سنگِ میل کو عبور کرنا اور پلانٹ کا آغاز کارپوریٹ ٹیکنیکل اینڈ انجینئرنگ ڈپارٹمنٹ CTED کا شاندار کارنامہ ہے۔

نیوٹریکو مورینا گا ایک منفرد نوعیت کا پروجیکٹ تھا، یہ آئی سی آئی پاکستان کے لئے کوئی معمول کا پروجیکٹ نہیں تھا کیونکہ اس سے قبل ہماری CTED کی ٹیم سوڈا ایش، پولیئسٹر، کیمیکلز اور فارماسیوٹیکلز بزنسز کے توسیعی منصوبوں اور پاور پلانٹس پر ہی کام کرتی رہی تھی۔ لیکن اس پہلے جوائنٹ وینچر کو پروجیکٹ کی بناء پر عوامل (stakes) بہت زیادہ تھے اور محدود وقت میں کثیر العمل اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ڈیل کرنا نہایت دشوار گزار مرحلہ تھا۔ آئی سی آئی پاکستان نے اپنی تاریخ میں کبھی بھی فوڈ سے متعلق کسی پروجیکٹ کے بارے میں نہیں سوچا تھا جس میں حفظانِ صحت کی اس قدر کڑی شرائط ہوں اور ایسے اہم اور نازک مشترکہ منصوبے سے متعلق محدود تجربے اور کم معلومات کے سبب CTED پروجیکٹ ٹیم کیلئے ڈیزائن اور عمل درآمد دونوں لحاظ سے کام کو مشکل تر بنادیا تھا۔

اعلیٰ معیار کے ڈیزائن کی طلب تو ہمیشہ اہم رہی ہے لیکن اس کیلئے درکار رقم کی فراہمی کوئی آسان نہ تھی۔ ڈیزائن کے ذمہ دار ہونے کی حیثیت سے CTED ٹیم نے محدود معلومات کی بنیاد پر تخمینہ لگانے کا کام تندہی سے انجام دیا۔ ٹیم نے طریقہء کار کے آغاز میں خدشات کے مسائل اور ان سے متعلق لاگت کی نشاندہی کی۔ نیز فیزبلیٹی کے مرحلے پر یہ بھی علم نہیں تھا کہ مورینا گا آپریشنز ٹیم کو کیا کچھ درکار ہوگا۔

تاہم ٹیم نے مختلف کاموں کے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ پروجیکٹ کو آرڈینیشن کی اہم ڈیوٹی موثر انداز میں انجام دی اور بنیادی اور تفصیلی ڈیزائن کا جائزہ لے کر بروقت اس کی تکمیل کردی اور اسے مطلوبہ مقصد کیلئے فٹ اور کسی بھی خرابی یا کمی سے مبرّا قرار دیا۔ ڈیزائن کے ابتدائی مرحلے میں ہی پروڈکٹ کے ڈیزائن اور ڈیولپمنٹ کے مطابق پروجیکٹ کی ضروریات اور نتائج کی جانچ کیلئے حقیقی اور عملی تفصیلات پر غوروخوض کیا گیا۔ ٹیم نے اس بات کو بھی یقینی بنایا کہ پلانٹ کے ہر پہلو، انسانی حفاظت، لاگت کے فائدے، ماحول کے تحفظ اور آپریشن کی آسانیوں کے بارے میں ہر معاملے کو حل کرلیا گیا ہے۔


معاشی بحران کے اس عہد میں کاروبار کرنا آسان نہیں رہا اور بچوں کے لئے فوڈ گریڈ پروڈکٹ کی نزاکت کے پیشِ نظر پروجیکٹ منیجر اور CTED کیلئے وینڈرز کا انتخاب اعصاب شکن سرگرمی تھی۔ ٹیم نے باکمال کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایسے وینڈرز کا انتخاب کیا جنہوں نے نہ صرف مارکیٹ کی مسابقتی قیمتیں آفر کیں بلکہ اپنی پروڈکٹس کی معیاری، بھروسہ مند اور سپرویژن کی خدمات بھی فراہم کیں۔ ڈیزائن منیجمنٹ کے ساتھ ساتھ CTED نے مورینا گا پروجیکٹ کی بروقت تشکیل کیلئے پروجیکٹ منیجر کا انتخاب کیا۔



ایک نئے ادارے کیلئے محدود وسائل کے ساتھ ایک بہت بڑے کام کو متفقہ وقت میں مکمل کرنا سخت مشکل تھا، لہٰذا CTED نے اس کی عملی ٹیسٹنگ، کمشننگ سے قبل اور تمام یوٹیلٹیز اور سروسز بشمول HVAC سسٹم کی کمشننگ کی سرگرمی کے لئے رضاکارانہ طور پر اپنی خدمات پیش کیں۔ ان کاموں کی مہارت کے ساتھ عمل درآمد اور کمشننگ کیلئے CTED کی پوری ٹیم نیوٹریکو پلانٹ سائٹ پر منتقل ہوگئی۔ کمشننگ کی سرگرمیوں میں وقت اور وسائل کے انتظامات کے سلسلے میں کمشننگ سے قبل سرگرمی انجام دی گئی۔ کمشننگ کے سلسلے کے تمام امور اور سرگرمیاں بحفاظت اور بروقت پایہء تکمیل کو پہنچیں۔

کامیاب کمشننگ اور سسٹم کی کارکردگی کی ٹیسٹنگ کے بعد CTED ٹیم نے تمام یوٹیلٹیز کے شعبہ جات مع پروجیکٹ کی مکمل دستاویزات نیوٹریکو مورینا گا آپریشنز ٹیم کے حوالے کردیئے۔ ہمیں امید ہے کہ آنے والے سالوں میں "اسٹیٹ آف دی آرٹ" نیوٹریکو مورینا گا پلانٹ، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی بنیادی سرگرمیوں میں ایک قابل قدر اضافہ ثابت ہوگا اور درآمدات کیلئے زرمبادلہ میں کمی لاکر پاکستان کی ترقی وخوشحالی میں معاون ثابت ہوگا۔





### کارپوریٹ انجینئرنگ اینڈ ٹیکنیکل ڈیپارٹمنٹ (CTED)

# صنعتی ترقی میں اضافہ کے لئے پیش پیش


آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا کارپوریٹ ٹیکنیکل اینڈ انجینئرنگ ڈپارٹمنٹ اپنے قیام سے ہی کامیابیوں کے حصول کیلئے مسلسل کوشاں رہا ہے اور بزنسز کی ترقی کیلئے اپنا کردار نہایت عمدگی سے ادا کر رہا ہے۔ کمپنی کے وژن 'ترقی کیلئے کوشاں' (Cultivating Growth) کی پیروی کرتے ہوئے آنے والے برسوں میں مارکیٹ کی متوقع طلب کے پیش نظر بورڈ نے اپنے سوڈا ایش کے نئے توسیعی منصوبوں میں سرمایہ کاری کا فیصلہ کیا ہے۔

نئے توسیعی پروجیکٹس کے بنیادی ڈیزائن کو حتمی شکل دینے کیلئے 9 جون 2019 سے 16 جون 2019 تک چین کے شہر تائی جن (Tianjin) میں تائی جن انجینئرنگ کارپوریشن کے دفتر میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔ اس میٹنگ میں کارپوریٹ ٹیکنیکل، سوڈا ایش پروجیکٹس اور سوڈا ایش ورکس کی ٹیموں نے شرکت کی۔ ٹیموں نے وینڈر کے ساتھ گفتگو کے دوران میں اپنے گزشتہ توسیعی منصوبوں (75KTPA and 18MW Projects) سے حاصل ہونے والے تجربات اور معلومات پر روشنی ڈالی اور منصوبے پر تفصیلی گفت وشنید کی جس سے پروجیکٹ کے معیار کو بہتر کرنے میں مدد ملے گی اور اس کے نتیجے میں ادارے کی قدروقیمت میں اضافہ ہوگا۔ ایک مقررہ وقت کے اندر ڈیزائن کا کام مکمل کرنے کیلئے غیر معمولی طریقہ اختیار کیا گیا اور بیک وقت سینوما (Sinoma) اور ٹی سی سی (TCC) کے ساتھ بنیادی ڈیزائن کی میٹنگ منعقد کی گئی۔

دونوں چینی اداروں میں سے ہر ایک کے نقطہء نظر کے مطابق کام کرنے کیلئے کارپوریٹ انجینئرنگ اینڈ ٹیکنیکل ڈیپارٹمنٹ (CTED) کے تحت دو علیحدہ علیحدہ ٹیمیں تشکیل دی گئیں۔ سینوما میٹنگ ٹیم کی قیادت ایم انیس ریاض اور ٹی سی سی میٹنگ ٹیم کی قیادت عاصم قیصر نے کی۔ چین کے دورے کے مطلوبہ مقاصد کے حصول اور آئی سی آئی پاکستان کے مفادات کے تحفظ کیلئے ایم اظہر زمان اور حسان اقبال نے دونوں میٹنگز کا جائزہ لیا۔

CTED اور سوڈا ایش ورکس کے نقطہء نظر کی ہم آہنگی اور پروجیکٹ ٹیم کے تعاون کے نتیجے میں چینی اداروں کے ساتھ مذاکرات مخصوص مقصد پر مرکوز رہے جس سے آئی سی آئی کی ضروریات کی تکمیل اور فیز-2 ڈیزائن میں مجوزہ بہتری لانے کو یقینی بنایا جاسکے گا۔ ٹیم کی مشترکہ کوششوں کے سبب ٹی سی سی اور سینوما کے ساتھ بنیادی ڈیزائن کا کام نہایت مستعدی اور روانی کے ساتھ انجام پایا اور فعال اور مثبت طریقہء کار کے ذریعہ بہترین ممکنہ حل تلاش کرکے بے ضابطگیوں کو دور کرنے میں مدد ملی۔ ان میٹنگز کو کامیاب بنانے کیلئے دورہ کرنے والی ٹیم کی کاوشیں نہایت قابل تعریف ہیں۔

CTED کی کامیابی کے اہم عناصر میں مربوط حکمت عملی، ڈیزائن کے بارے میں مکمل معلومات کے علاوہ ٹیکنیکی مہارت اور تجربے کے ساتھ ساتھ مستقل مزاجی بھی شامل ہیں۔ آئی سی آئی پاکستان لمٹڈ کے تمام بزنسز کے توسیعی منصوبوں میں ہماری کارپوریٹ انجینئرنگ ٹیم کا کردار نہایت نمایاں اور شاندار رہا ہے۔ کمپنی کی صنعتی ترقی میں ہمارا یہ ڈیپارٹمنٹ ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہے۔








# پرانے دوستوں سے ملاقات

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کو پاکستان میں کاروبار کرتے ہوئے 75 سال سے زائد کا عرصہ ہو چکا ہے۔ اس دوران لا تعداد لوگوں نے کمپنی میں ملازمت حاصل کی۔ کچھ تو جلد ہی نئی منزلوں کی تلاش میں کمپنی چھوڑ گئے جبکہ بہت سارے ایسے بھی تھے جنھوں نے کمپنی میں اپنا مستقبل تلاش کیا اور ترقیاں حاصل کرتے گئے۔ یہاں تک کہ ریٹائرمنٹ کی عمر کو پہنچ کر کمپنی سے رخصت ہوئے اور پینشن حاصل کر رہے ہیں۔

ایسے افراد سے جب بھی ملاقات ہوتی ہے تو پرانی یادیں تازہ ہو جاتی ہیں۔ توقیر حسین، پرویز رحیم اور سہیل احمد گزشتہ دنوں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ہیڈ آفس تشریف لائے تو چند پرانے ساتھیوں سے ملاقات ہوئی۔ واضح رہے کہ توقیر حسین، منیجر کارپوریٹ رپورٹنگ گروپ کے سربراہ تھے جس کی بنیادی ذمہ داری کمپنی کی مالیاتی کارکردگی کے بارے میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ کو آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ آئی سی آئی پی ایل سی، یوکے کو بھی رپورٹ کرنا تھا۔ جبکہ پرویز رحیم نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ میں بطور مینجمنٹ ٹرینی ملازمت اختیار کی اور کارپوریٹ انڈسٹریل ریلیشنز منیجر کی حیثیت سے ریٹائر ہوئے اور سہیل احمد نے اپنے 35 سالہ دورِ ملازمت میں مختلف عہدوں پر کام کیا اور بطور منیجر سیلری کمپنی سے ریٹائر ہوئے۔

پرویز رحیم نے اپنے بھرپور کیریئر میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے تمام یونٹس کی یونینز کے ساتھ معاہدے کئے اور کمپنی اور کارکنان کے تعلقات کو نہایت مہارت سے دوستانہ اور خوشگوار رکھا۔

ان حضرات کے ساتھ ملاقات میں محمد حنیف شیخ، عبدالغنی، رضوان کھتری دلنواز ملباری، ڈیانا فرانس، محمد سعید اور دیگر پرانے ساتھی شریک ہوئے اور پرانی یادوں کو تازہ کیا۔





# الوداع الوداع

عبدالوہاب اعجاز اور سہیل احمد رضا

انسان کیلئے زندگی میں کسی جگہ کو، لوگوں کو اور ماحول کو جہاں زندگی کا تھوڑا حصہ بھی گزارا ہو، آخری مرتبہ الوداع کہنا بڑا مشکل مرحلہ ہوتا ہے اور اگر آپ نے 30 سال سے زیادہ عرصے تک کام کی جگہ پر کئی لوگوں کے ساتھ مل کر کام کیا ہو اور ادارے کی ترقی میں آپ کی محنت اور وقت شامل ہو تو پھر الوداع کا مرحلہ اور زیادہ مشکل ہو جاتا ہے۔

وہ ہماری کمپنی کے دو بہت ہی قابل قدر افراد عبدالوہاب اعجاز اور سہیل احمد رضا کی ملازمت کا آخری دن تھا جنہوں نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے کارپوریٹ ٹیکنیکل ڈپارٹمنٹ میں خدمات انجام دیتے ہوئے اپنی آدھی سے زیادہ زندگی گزاری۔ ان پر ایک ساتھ خوشی اور غم دونوں کی ملی جلی کیفیت طاری تھی ایک طرف ان کو اپنے شاندار کیریئر کے دن یاد آرہے تھے جن کے دوران اپنی قسم کے بہت سے اتار چڑھاؤ آئے۔ ان کو خوشی تھی کہ انہوں نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کیلئے قابل فخر خدمات انجام دیں اور بہت سے توسیعی اور دیگر منصوبوں میں اپنا اہم کردار ادا کیا تو دوسری طرف غم اس کا تھا کہ یہ کمپنی میں ان کے کام کا آخری دن تھا جہاں انہوں نے کمپنی کو بہت سی کامیابیوں اور مشکلات سے گزرتے ہوئے صنعتی میدان میں فتحیاب ہوتے دیکھا۔







کارپوریٹ ٹیکنیکل اینڈ انجینئرنگ ڈپارٹمنٹ نے ان دونوں قابل قدر افراد کے اعزاز میں ایک پرتکلف الوداعی تقریب منعقد کی۔ جس میں 25 جولائی 2019 کو لال قلعہ لاہور میں ہائی ٹی کا اہتمام کیا گیا تھا۔ تمام ممبرز نے ان دونوں افراد کے ساتھ اپنے کام کے تجربات کے بارے میں گفتگو کی اور کمپنی کیلئے بہترین نتائج کے حصول میں ان کی کاوشوں، ہمت وجرأت اور خلوص کی تعریف کی۔ تقریب کے آخر میں ہیڈ آف دی ڈپارٹمنٹ محمد اظہر زمان نے ان کی خدمات کے اعتراف کے طور پر دونوں کو یادگاری تحائف پیش کئے اور طویل عرصہ تک مسلسل محنت اور خلوص کے ساتھ خدمات انجام دینے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

# مونٹیسوری ٹیچرز ٹریننگ۔ ککاپیر اسکول



تعلیم کی اہمیت تو کسی بھی دور میں کم نہ ہوئی بلکہ وقت کے ساتھ ساتھ اس کی اہمیت میں اضافہ ہی ہوتا گیا ہے اور بچوں کو سمجھانے کیلئے جدید طریقے استعمال ہونے لگے۔

مونٹیسوری طریقۂ تعلیم بھی ایک ایسا جدید طریقہ تعلیم ہے جس میں 3 سے 5 سال کے بچے کھیل کھیل میں رنگوں اور انکی دلچسپی کی دیگر چیزوں کے ذریعے سیکھتے ہیں۔ دنیا بھر میں یہ طریقہ تعلیم چھوٹے بچوں کو بنیادی چیزیں سکھانے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

پاکستان میں بھی کچھ اسکولوں میں تو نہایت بھرپور طریقے سے اور کچھ اسکولوں میں کسی حد تک یہ طریقہ تعلیم رائج ہے۔ اس طریقہ تعلیم کیلئے سب سے اہم چیز متعلقہ ٹیچر کا تربیت یافتہ ہونا ہے۔

ککاپیر ولیج ماہی گیروں کی بستی ہے جو کہ سینڈزپٹ کے کنارے واقع ہے۔ یہاں کا واحد گورنمنٹ گرلز اینڈ بوائز پرائمری اسکول میں آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن مقامی تنظیم کی مدد سے کافی طویل عرصے سے تعلیمی سہولتوں کیلئے کوشاں ہے۔ اس وقت اسکول میں 10 اساتذہ ہیں اور تقریباً 200 کے قریب بچے تعلیم حاصل کر رہے ہیں جن میں تقریباً 55 فیصد تعداد ان بچوں کی ہے جن کی عمریں 3 سے 5 سال کے درمیان ہیں اور جو نرسری، مونٹیسوری اور کے جی کلاسز میں داخل ہیں۔

آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن نے اساتذہ کی تربیت کیلئے 6 ماہ کا مونٹیسوری ٹریننگ کورس مقامی تنظیم اور گلوبل ایجوکیشن کنسلٹنٹ کے تعاون سے ماہِ اگست سے شروع کیا، ککاپیر اسکول کے علاوہ دیگر گورنمنٹ اور پرائیوٹ اسکولز کی ٹیچرز نے بھی دلچسپی ظاہر کی اور اس وقت کل 34 اساتذہ اس تربیتی کورس سے فائدہ اٹھا رہے ہیں، ہفتے میں 3 دن کلاس ہوتی ہے جس میں اساتذہ کی حاضری 94 فیصد سے زائد اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ اساتذہ کو اس کورس کی اہمیت کا اندازہ ہے۔ کورس کے آغاز پر اوپن ہاؤس سیشن میں 40 سے زائد شرکاء نے شرکت کی۔ آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کی جانب سے عبدالغنی نے تربیتی کورس کے اغراض اور مقاصد پر روشنی ڈالی اور آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کی دیگر فلاحی سرگرمیوں کے بارے میں شرکاء کو آگاہ کیا۔ گلوبل ایجوکیشن کنسلٹنٹ کے کلیم احمد خان اور حمیرا کلیم نے تفصیل سے مونٹیسوری ٹیچرز ٹریننگ اور تعلیمی میدان میں اس کی اہمیت کے بارے میں بتایا۔

اس موقع پر گورنمنٹ بوائز پرائمری اینڈ سیکنڈری اسکول یونس آباد سے سر اختر نے خصوصی شرکت کی اور آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن، گلوبل ایجوکیشن کنسلٹنٹ کا اساتذہ کیلئے اس کورس کے انعقاد پر شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے تمام شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امید ہے کہ آپ لوگ اس کورس میں دلچسپی سے بھرپور حصہ لیں گے۔

شرکاء کی تربیتی صلاحیتوں کو جانچنے کیلئے گزشتہ دنوں طلبہ نے کلاس ڈیکوریشن کا مظاہرہ کیا جس میں اساتذہ نے بچوں کی توجہ حاصل کرنے کیلئے کلاس کو مختلف رنگوں اور مختلف اشیاء سے سجایا تھا جس میں مرکزی نقطہ تعلیم تھا۔ اعداد اور دو انگریزی حروف تہجی، ہفتے کے دن، پھل، سبزیاں وغیرہ چارٹوں کے ذریعے پیش کئے گئے تھے۔ اس موقع پر ٹاؤن میونسپل آفیسر برائے تعلیم، کیماڑی ٹاؤن سلیم اللہ قریشی نے خصوصی شرکت کی اور کلاس کا معائنہ کیا۔ انھوں نے کورس کے شرکاء کی کاوشوں کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔

آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کی ٹرسٹی، نوشین احمد نے بھی کلاس کا دورہ کیا۔ اساتذہ نے انھیں اپنے کورس کی پیش رفت کے حوالے سے آگاہ کیا جس پر انھوں نے اپنے اطمینان کا اظہار کیا اور اساتذہ کے کام کو سراہا۔

انھوں نے ککاپیر کے اساتذہ سے خصوصی طور سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ میں امید کرتی ہوں کے اب ککاپیر اسکول کی تمام کلاسز اسی طرح سے ڈیکوریٹ ہوں گی۔
















# سالانہ تقریب انعامات و نمائش

## علم و ہنر لیڈیز ویلفیئر سینٹر

لیڈیز ویلفیئر سینٹر، کھیوڑہ اور اس کے اطراف میں بسنے والی لوکل کمیونٹی سے طالبات کو Quilting, Cutting, Stitching, Machine & Hand Embraidory, Knitting,Crozia اور Cooking جیسے بنیادی ہنر کی تعلیم دے رہا ہے۔ اس کے علاوہ ادارے میں بچیوں کے لئے قرآن پاک کی تعلیم اور قرات سکھانے کا بھی خصوصی انتظام ہے۔ اس وقت لیڈیز ویلفیئر سینٹر میں کل 18 طالبات زیرِ تعلیم ہیں۔ جن میں سے 15 کا تعلق لوکل کمیونٹی سے ہے۔

لیڈیز ویلفیئر سینٹر میں ہر سال سالانہ تقریب انعامات و نمائش کا انعقاد ہوتا ہے۔ اس سال تقریب 6 دسمبر 2019 بروز جمعة المبارک کو ہوئی۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ اس کے بعد انچارج لیڈیز ویلفیئر سینٹر نے مہمان خصوصی سہیل اسلم خان کنسلٹنٹ اینڈ سینیئر وائس پریذیڈنٹ سوڈا ایش بزنس کو ادارہ ھذا میں کروائے جانے والے کورسز طالبات کی تعلیم و تربیت اور ادارے کی موجودہ صورتحال سے آگاہی دی۔ سہیل اسلم خان نے خطاب کرتے ہوئے لیڈیز ویلفیئر سینٹر کی خدمات پر جملہ اسٹاف کی تعریف کی اور یقین دھانی کرائی کہ ہم ادارے کی مزید ترقی کے لئے کوشاں رہیں گے۔ بعد ازاں ٹیچرز اور طالبات میں انعامات اور سرٹیفیکٹ تقسیم کئے۔ تقریب میں بیگم و محمد عمر مشتاق اور سوڈا ایش کی تمام سینیئر مینجمنٹ ٹیم نے بھی شرکت کی جو اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ کمپنی کی انتظامیہ علاقے کی خواتین اور بچیوں کی فلاح و بہبود میں نہایت ہی سنجیدگی سے دلچسپی لیتی ہے۔ واضح رہے کہ سینٹر سے اب تک 1300 سے زائد کھیوڑہ کی خواتین اور بچیاں گھریلو دستکاری کے ہنر سیکھ چکی ہیں۔











اس موقع پر مسز سہیل اسلم خان نے نمائش کا افتتاح کیا وہاں پر موجود سب لوگوں نے ٹیچرز اور طالبات کے کام کی خوب تعریف کی اور نمائش سے اپنی اپنی پسند کی چیزوں کی خریداری بھی کی۔

آخر میں تمام مہمانوں کی چائے سے تواضع کی گئی۔ اسی طرح یہ شاندار تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔




























سسٹینیبلٹی

تعلیم سب کیلئے۔۔۔

# پہچان والنٹیئر پروگرام۔ فنڈریزنگ کانیوال

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے پہچان والنٹیئرز پروگرام کے تحت گزشتہ دو سہہ ماہیوں کے دوران ہمارے افراد نے بڑے جوش و خروش سے مختلف معاشرتی مسائل کو حل کرنے اور ان میں بہتری لانے کے سلسلے میں اپنی کاوشوں کو جاری رکھا۔

سال 20-2019 کی پہلی سہہ ماہی میں ہاکس بے پلانٹ فارماسیوٹیکلز کے عزیز الرحمن نے سب سے زیادہ 64 گھنٹے ککاپیر اسکول کی سیفٹی اور ماحول کی بہتری کیلئے صرف کئے۔ واضح رہے کہ عزیز الرحمن نے اسکول کی سیفٹی کیلئے تمام چیزیں ناکارہ سامان سے بنائیں۔

جبکہ کیمیکلز بزنس کی جانب سے شایان موتی والا نے اکتوبر دسمبر 2019 کی سہہ ماہی میں سب سے زیادہ 88 گھنٹے ٹی سی ایف اور این جے وی اسکول کیلئے اپنے دوستوں کے ساتھ ملکر فنڈریزنگ کارنیوال منعقد کرنے میں صرف کئے اور ایک معقول رقم جمع کی جس کی مدد سے بچوں کو معیاری تعلیم دی جاسکے گی۔

عزیز الرحمن اور شایان موتی والا کو والنٹیئرز آف دی کوارٹر کا اعزاز دیا گیا ہے۔

ہم امید کرتے ہیں کہ دوسرے بزنسز کے مزید افراد دیگر سرگرمیوں میں حصہ لیں گے اور اپنے اپنے بزنس کو مقابلے میں کھڑا کریں گے۔

دونوں والنٹیئرز کے کاموں کی کچھ تصویری جھلکیاں پیش ہیں۔

## فنڈریزنگ کارنیوال





## ککاپیر اسکول

















# پہچان والنٹیئر ایوارڈ 2018-19

”ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے
آتے ہیں جو کام دوسروں کے“

## ونر بزنس: سوڈا ایش بزنس ۔ والنٹیئر آف دی ایئر: منصور عثمان (سرن فارما)

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے کمپنی کے تمام افراد کو اپنے کام/ ذمہ داریوں کے علاوہ کم سے کم 16 گھنٹے سماجی بہبود کے منصوبوں اور معاشرتی مسائل کے حل میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے پہچان والنٹیئر پروگرام کے نام سے گزشتہ سال اس پروگرام کا آغاز کیا۔

30 جون 2019 کو پروگرام کو پورا ایک سال مکمل ہوگیا اور ہمارے 404 والنٹیئرز نے اس دوران 1150 گھنٹے مختلف سماجی بہبود کے کاموں میں صرف کئے۔ ڈیٹا بیس پر رپورٹنگ کے مطابق سب سے زیادہ سوڈا ایش کے 145 والنٹیئرز نے مختلف شجرکاری مہموں میں 389 گھنٹے صرف کئے۔ جبکہ انفرادی طور پر سرن فارما کے منصور عثمان خان نے 51.5 گھنٹے خون کا عطیہ دینے کیلئے کی جانے والی مہم میں صرف کئے۔

مزید تفصیل کیلئے درج ذیل چارٹ ملاحظہ کریں:

| بزنس کارکردگی | افراد | گھنٹے |
|---|---|---|
| سوڈا ایش | 145 | 389 |
| پولیئسٹر | 79 | 340 |
| لائف سائنسز | 93 | 156 |
| کیمیکلز اینڈ ایگری سائنسز | 25 | 64 |
| کارپوریٹ | 201 | 62 |
| | 1150 | 404 |

| انفرادی کارکردگی | بزنس | گھنٹے |
|---|---|---|
| منصور عثمان خان | لائف سائنسز | 51.5 |
| ملک نوید افضل | سوڈا ایش | 25 |
| راجہ غلام اکبر | سوڈا ایش | 20 |

نوٹ: انفرادی کارکردگی میں صرف ٹاپ تھری کو رپورٹ کیا جارہا ہے۔

رپورٹ کے مطابق چیف ایگزیکٹو پہچان ایوارڈ برائے 2018-19 کیلئے مندرجہ ذیل حقدار قرار پائے۔

1 چیف ایگزیکٹو پہچان ایوارڈ برائے بزنس سوڈا ایش

2 چیف ایگزیکٹو پہچان ایوارڈ برائے انفرادی کارکردگی منصور عثمان خان






# فروٹ گارڈن کا افتتاح









## پہچان والنٹیئرز کی شجر کاری مہم

ہم سب جانتے ہیں کہ اس وقت ہمارے ملک کو شجر کاری کی کتنی شدید ضرورت ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ایک ذمہ دار کاروباری ادارے کی حیثیت سے اور اس کے ملازمین اپنی سماجی ذمہ داری کو محسوس کرتے ہوئے وقتاً فوقتاً شجر کاری کی مہموں میں حصہ لیتے رہتے ہیں۔

ماہِ نومبر میں چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ جنرل منیجرز سپلائی چین، فارما سیوٹیکلز، چوہدری محمد اسلم اور اسٹریجیٹی، پلاننگ اینڈ انوویشن، ایقان علی خان نے سرن پلانٹ کا دورہ کیا۔ اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے سرن پلانٹ کی ٹیم نے فروٹ گارڈن میں شجر کاری مہم کا منصوبہ بنایا تا کہ یہ دورہ تمام افراد کیلئے یادگار بن جائے۔ یہ شجر کاری مہم پہچان والنٹیئر پروگرام کے تحت کی گئی اور تمام والنٹیئرز نے اس میں بھرپور حصہ لیا۔ اس شجر کاری مہم کی خاص بات یہ تھی کہ سرن پلانٹ کے پلانٹ منیجر خرم شہزاد نے سرن فارما کے پلانٹ پر تمام پھلدار پودے / درخت لگوائے ہیں اور اس کو فروٹ گارڈن کا نام دیا ہے۔ ویسے بھی پھلوں کا دوا کے ساتھ چولی دامن کا ساتھ ہے۔




اب تک فروٹ گارڈن میں مختلف اقسام کے 400 سے زائد پودے لگ چکے ہیں جس میں تقریباً 50 پودے پھل دار ہیں اور جب ان پر پھل آنا شروع ہوں گے تو یقیناً سب کیلئے ایک حیران کن خوشی کا باعث ہو گا۔















# ونگٹن اسکول کے شاندار نتائج 2019 اساتذہ اور والدین کا سر فخر سے بلند

سیدہ عافیہ بتول (پہلی پوزیشن) — دُرِ فاطمہ (دوسری پوزیشن) — عروج اکمل (تیسری پوزیشن)





ونگٹن اسکول کھیوڑہ ہمیشہ اپنے تعلیمی ریکارڈ، نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں شاندار روئے کا مالک رہا ہے۔ سالہاسال سے اس اسکول نے علاقے بھر میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک معیار قائم کیا ہے۔ 15 جولائی کو میٹرک کے نتیجے کا اعلان ہوا جس میں ونگٹن اسکول کے بچوں نے شاندار کامیابی حاصل کی۔ اس سال کل 16 بچوں نے میٹرک کا امتحان دیا تھا جن میں سے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 15 بچوں نے +A اور ایک نے A گریڈ میں کامیابی حاصل کی، سیدہ عافیہ بتول نے کل 1100 نمبرز میں سے 1038 (94.36 فیصد) نمبر حاصل کر کے اسکول میں پہلی پوزیشن جبکہ دُرِ فاطمہ نے 1032 (93.38 فیصد) نمبر حاصل کر کے دوسری پوزیشن اور عروج اکمل نے 1003 (91.18 فیصد) نمبر لے کر تیسری پوزیشن حاصل کی۔



اریحہ حسان اقبال (پہلی پوزیشن) — لائبہ سلیم (تیسری پوزیشن) — ایمان (دوسری پوزیشن)

19 اگست 2019 کو نہم کے بورڈ کے نتیجے کا اعلان کیا گیا جس میں ونگٹن اسکول کے 22 طلباء وطالبات نے حصہ لیا تھا۔ ان میں سے 18 بچوں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے +A حاصل کئے اور 4 بچوں نے A گریڈ حاصل کیا۔ اسکول کی ہونہار طالبہ اریحہ حسان اقبال نے 491 نمبر (97.23 فیصد) حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ ایمان نے 486 نمبر (96.24 فیصد) لے کر دوسری اور لائبہ سلیم نے 479 نمبر (94.85 فیصد) حاصل کر کے تیسری پوزیشن حاصل کی۔

تمام بچوں کی کامیابی میں محترم پرنسپل اور اساتذہ کرام کی توجہ، محنت اور والدین کی دعائیں شامل ہیں۔ طلباء وطالبات نے اپنی کامیابی کو پرنسپل صاحب کی خصوصی دلچسپی، اسکول کا ماحول، اساتذہ کی انتھک محنت اور والدین کی دعاؤں کا ثمر قرار دیا۔ اللہ تعالیٰ اس اسکول کو قائم و دائم رکھے اور یہ ہمیشہ اسی طرح اپنا معیار قائم رکھے۔ آمین

## بین الاقوامی ریاضی مقابلہ (IKMC) میں شرکت

جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ رہنے کے لئے ونگٹن اسکول آئی سی آئی کھیوڑہ (IKMC) کے ساتھ منسلک ہوا۔ (IKMC) ریاضی کا ایک بین الاقوامی سطح کا مقابلہ ہے جو کئی ممالک میں منعقد کیا جاتا ہے۔ ونگٹن اسکول کے طلباء اس سال دوسری مرتبہ مقابلے میں شریک ہوئے جس میں انہوں نے نمایاں کامیابیاں حاصل کی۔ اس سال کل 176 بچوں نے حصہ لیا۔ مندرجہ ذیل طالب علموں نے نمایاں انعامات حاصل کئے۔

1. جماعت دوم کے علی عباس نے چاندی کا تمغہ حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ ایک عدد پاور بنک بھی انعام میں وصول پایا۔
2. جماعت ہفتم کے ثمر عباس کو کانسی کا تمغہ ملا اور مسلسل دو سال کانسی کا تمغہ حاصل کرنے پر نقد انعام (چھ ہزار روپے) کا مستحق بھی قرار پایا۔
3. اسکول کی مختلف جماعتوں کے آٹھ طالب علموں نے بھی کانسی کے تمغے حاصل کئے۔
4. اسکول کے 42 بچوں نے (1-Star) اور 26 بچوں نے (2-Star) حاصل کئے۔

ان ساری کامیابیوں کا سہرہ طالب علموں کی انتھک محنت کے ساتھ ساتھ پرنسپل صاحب، ریاضی کے استاد اور اس پروگرام کے کوارڈینیٹر سید ابرار حسین نقوی اور اساتذہ کرام کی بھرپور رہنمائی بھی شامل حال رہی۔ انشاءاللہ کامیابیوں کا یہ سفر جاری و ساری رہے گا۔



# سالانہ ونگٹن اسکول کھیوڑہ سالانہ تقریب انعامات





ہر سال کی طرح اس سال بھی ونگٹن اسکول کھیوڑہ کا سالانہ جلسہ تقسیم انعامات 23 دسمبر 2019 کو پورے جوش و خروش سے منایا گیا۔ اس پر وقار تقریب کے مہمان خصوصی سہیل اے خان تھے جو موسم کی خرابی کے باعث تشریف نہ لاسکے اس لئے عمر مشتاق مہمان خصوصی کے طور پر تشریف لائے۔ پروگرام کا آغاز صبح گیارہ بجے ہوا۔ مسز قدسیہ خالد، ہیڈ مسٹریس نے معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور اسکول کے ننھے بچوں نے مہمانوں کو تازہ پھولوں کے گلدستے پیش کئے۔





تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، اس کے بعد پرنسپل مرتضیٰ جمال ملک نے اسکول کی سالانہ رپورٹ پیش کی جس میں پچھلے پورے سال کی کارکردگی پر روشنی ڈالی گئی۔ اسکول کے بچوں نے مختلف پروگرام پیش کئے جن میں پری اسکول کے بچوں نے مختلف نظمیں ٹیبلو کی صورت میں خوبصورتی سے پیش کیں، ایک ٹیبلو (Saynotoplastic) کے موضوع پر پیش کیا گیا جبکہ بڑے بچوں نے دو انگلش ڈرامے عمدگی سے پیش کئے اس کے علاوہ اردو اور انگلش گانے بھی پیش کئے گئے۔ نہم و دہم کے بچوں نے ایک اردو مزاحیہ مشاعرہ پیش کر کے لوگوں کو محظوظ کیا۔ حاضرین نے بچوں کی کارکردگی پر دل کھول کر داد دی۔ اس کے بعد مہمان خصوصی عمر مشتاق نے اپنی تقریر میں پروگرام کی خوب تعریف کی۔ اس موقع پر بچوں میں اسناد و انعامات بھی تقسیم کئے گئے۔ پچھلے سال کی طرح اس سال بھی تمام شیلڈز جناح ہاؤس نے حاصل کیں۔





اسکول کا نتیجہ اس بار بھی حسب روایت شاندار رہا۔ سیدہ عافیہ بتول نے میٹرک کے امتحان میں نمایاں کارکردگی پر گولڈ میڈل جبکہ نویں جماعت کے بورڈ کے امتحان میں اریحہ اقبال نے سلور میڈل حاصل کیا۔ میٹرک کے اساتذہ کرام کو ان کی انتھک محنت اور بہترین نتائج پر تعریفی اسناد و انعامات سے نوازا گیا۔









مہمانِ خصوصی عمر مشتاق نے اس پروگرام کی دل کھول کر تعریف کی اور اسکول کے پرنسپل اور اساتذہ کا شکریہ ادا کیا جن کی انتھک محنت کے باعث اسکول ترقی کی طرف گامزن ہے اور کھیوڑہ ٹاؤن میں ایک مثالی اسکول مانا جاتا ہے۔ انہوں نے انعامات حاصل کرنے والے بچوں اور ان کے والدین کو بھی مبارکباد دی اور آئی سی آئی کے ان تمام ممبران کا شکریہ ادا کیا جن کی توجہ سے یہ ادارہ دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کر رہا ہے۔

تقریب کے اختتام پر معزز مہمان گرامی اور دیگر شرکاء کی تواضع چائے سے کی گئی۔

















# پولیئسٹر کمیونیکیشن سیشن







نومبر 2019ء پولیئسٹر بزنس کے ورکس کینٹین ہال میں بزنس کی موجودہ صورتِ حال پر کمیونیکیشن سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں نعمان شاہد افضل (وائس پریذیڈنٹ پولیئسٹر بزنس) نے تمام سٹاف کو بزنس کو درِ پیش چیلنجز سے آگاہ کیا اور بزنس کی بہتری کیلئے تجاویز بھی مانگیں۔ جس پر سٹاف نے اپنی اپنی تجاویز دیں جن کو وائس پریذیڈنٹ نے خوب سراہا۔ اس کے بعد سٹاف نے وائس پریذیڈنٹ سے بزنس کے متعلق سوالات بھی کیئے جن کے وائس پریذیڈنٹ نے تسلی بخش جوابات دیئے۔

آخر میں تمام سٹاف نے بزنس کی بہتری کیلئے وائس پریذیڈنٹ کو بھرپور تعاون کی یقین دہانی کروائی۔



# تقریبِ تقسیمِ احرام




پولیسٹر بزنس میں سال 2019 کی حج قرعہ اندازی میں کامیاب ہونے والے خوش نصیب حجاجِ کرام میں احرام تقسیم کرنے کے لئے گزشتہ دنوں ورکس کینٹین ہال میں ایک پُر وقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب کے مہمانِ خصوصی احسن عبدالقیوم ورکس مینجر پولیسٹر بزنس تھے۔

تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآنِ کریم سے ہوا۔ اس کے بعد نعتِ رسولِ مقبول ﷺ بہت ہی خوش الحانی کے ساتھ پڑھی گئی اور حجاجِ کرام میں احرام تقسیم کئے گئے۔ اس موقع پر انہوں نے خوش نصیب حجاج کو فریضہ حج کی روانگی کیلئے مبارکباد دی اور ان سے درخواست کی کہ ملک پاکستان اور کمپنی کی سلامتی اور خیر و برکت کیلئے ہم سب کو خصوصی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ اس تقریب میں پولیسٹر بزنس کے یونین عہدیداران اور ورکرز نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر تمام ورکرز کی ریفریشمنٹ سے تواضع کی گئی۔





# پولیئسٹر: ریٹائرمنٹ پارٹی

کاروباری یا صنعتی ادارے میں کام کرنے والا ہر فرد کسی نہ کسی دن اپنی ملازمت کے اختتام کو پہنچ کر ریٹائر ہو جاتا ہے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی 75 سالہ تاریخ میں لاتعداد لوگوں نے ملازمت اختیار کی اور ان میں سے بہت سارے لوگ اپنی مدتِ ملازمت پوری کر کے ریٹائر ہو گئے۔ کمپنی کی یہ روایت ہے کہ ایک طویل عرصے تک ساتھ کام کرنے والوں کو نہایت خوش اسلوبی سے رخصت کیا جائے۔ اس حوالے سے ہر سال ہمارے پولیئسٹر اور سوڈا ایش پلانٹ پر ریٹائرمنٹ تقریب کا انعقاد کیا جاتا ہے۔

31 دسمبر 2019 کو پولیئسٹر بزنس کے محمد نعیم چوہدری، پلانٹ آپریٹر اپنی 37 سالہ ملازمت پوری کر کے ریٹائر ہوئے۔ ان ہی کے ساتھ عبدالغفار، پلانٹ آپریٹر نے بھی 34 سالہ ملازمت مکمل کی اور ریٹائر ہوئے۔

ان دونوں نہایت سینئر ورکرز کے اعزاز میں ایک الوداعی تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں یونین اور منیجمنٹ کے افراد نے بھرپور شرکت کی۔



تقریب ورکس کینٹین میں رکھی گئی تھی۔ اس موقع پر راجہ خلیل الرحمن، جنرل سیکریٹری آئی سی آئی پولیئسٹر ایمپلائیز یونین نے اپنے ریٹائر ہونے والے ساتھیوں کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور دعا کی کہ وہ اپنی ریٹائرمنٹ کی زندگی سے لطف اندوز ہوں۔ وسیم احمد قریشی، پروڈکشن منیجر نے اپنے خطاب میں دونوں افراد کے کام اور حسنِ سلوک کو خوب سراہا اور کہا کہ ایسے لوگ ادارے کیلئے سرمایہ افتخار ہوتے ہیں۔ انھوں نے بزنس کی کامیابی کیلئے دونوں افراد کی خدمات کی تعریف کی۔

تقریب کے آخر میں ریٹائر ہونے والے ملازمین میں تحائف تقسیم کئے گئے اور حاضرین کی ریفریشمنٹ سے تواضع کی گئی۔







# میری یادیں

تحریر: مرزا حبیب اللہ۔ کھیوڑہ



مرزا حبیب اللہ 7 دسمبر 1954 کو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کھیوڑہ میں گریڈ 8 میں ملازم ہوئے اور 20 اکتوبر 1993 کو گریڈ 32 سے ریٹائر ہوئے۔ اپنے 39 سالہ دورِ ملازمت کے دوران انھوں نے کمپنی کی بھرپور خدمت کی اور دیگر بہت سی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ انھوں نے اپنے ابتدائی دور کی یادداشتوں کو ہمقدم کے قارئین کیلئے قلم بند کیا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ آپ کو یہ سلسلہ پسند آئیگا۔ ہمقدم کے صفحات آپ کیلئے اور ہمارے پرانے ساتھیوں کیلئے حاضر ہیں اگر وہ اپنی یادداشتوں کو اپنے دیگر ساتھیوں کے ساتھ شیئر کرنا چاہیں۔ ایڈیٹر

1955 میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جملہ انتظامیہ انگریز تھی۔ 1968 میں گورنمنٹ آف پاکستان نے ایک قانون پاس کیا کہ 1968 کے بعد غیر ملکی کمپنیوں کے سربراہ پاکستانی ہونگے۔ لہذا اس قانون کے تحت جب کھیوڑہ سے آخری انگریز جنرل منیجر رخصت ہونے لگے تو اپنے چپڑاسی کو بلا کر کہا ہم تو جا رہے ہیں آپ لوگ ہمیشہ یاد آتے رہینگے۔ میری ایک نصیحت یاد رکھو۔ اب دیسی جنرل منیجر ہونگے۔ پالش برش اپنے پاس رکھ لو۔ تمہیں ان کے بوٹ بھی پالش کرنے پڑینگے علاوہ ازیں عام ملازمین میں بھی یہ تشویش پائی گئی کہ دیسی افسر پتہ نہیں کیسے ہونگے۔ کیا رویہ اختیار کریں گے۔ عام طور پر انگریزوں کو راست باز اور ہمدرد خیال تصور کیا جاتا تھا۔

پہلے پاکستانی جنرل منیجر محترم سلیم۔ اے۔ خان مقرر ہوئے۔ جنھوں نے اپنے حسنِ انتظام سے نہ صرف سارے خدشات

> ”کھیوڑہ سے آخری انگریز جنرل منیجر رخصت ہونے لگے تو اپنے چپڑاسی کو بلا کر کہا ہم تو جا رہے ہیں آپ لوگ ہمیشہ یاد آتے رہینگے۔ میری ایک نصیحت یاد رکھو۔ اب دیسی جنرل منیجر ہونگے۔ پالش برش اپنے پاس رکھ لو۔ تمہیں ان کے بوٹ بھی پالش کرنے پڑینگے علاوہ ازیں عام ملازمین میں بھی یہ تشویش پائی گئی کہ دیسی افسر پتہ نہیں کیسے ہونگے۔ کیا رویہ اختیار کریں گے۔“

دور فرمادیے بلکہ یونین کی سوچ سے بڑھ کر ملازمین کی بہبود کے کام کئے جو آج تک یاد کئے جاتے ہیں۔ سوڈا ایش بزنس میں بھی بہت ترقی ہوئی۔ اُن کے ملازمین کی بہبود کے لئے کئے گئے اقدام کو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے پنجابی شاعر قربان حسین شاہ (مرحوم) نے پنجابی نظموں میں پیش کیا۔ جو بعد میں ایک کتابچہ کی شکل میں شائع بھی ہوا۔ یہاں ان کے کارناموں کی تفصیل مقصود نہیں بلکہ صرف اتنا بتانا مقصود ہے کہ سلیم اے خان نے ملازمین کے سارے خدشات دور فرما کر یونین اور انتظامیہ کے تعلقات کو اعتماد اور محبت کی بنیاد پر استوار کر کے سوڈا ایش کے کاروبار کو چاند لگا دیئے جو آنے والوں کیلئے مشعل راہ ہیں۔

سلیم اے خان اگر زندہ ہیں تو اللہ تعالیٰ صحت کے ساتھ ان کو لمبی عمر عطا فرمائے۔

# قائد جوہر ریٹائر

## 40 سالہ دور

ہیڈ آفس میں جن لوگوں نے کام کیا ہے ان کا رابطہ کبھی نہ کبھی قائد جوہر سے ضرور رہا ہوگا چنانچہ ان کیلئے قائد جوہر کا نام یقیناً جانا پہچانا ہے۔ قائد جوہر کیلئے اگر یہ کہا جائے کہ وہ ہیڈ آفس میں ایڈمن ڈیپارٹمنٹ کے روح رواں تھے تو غلط نہ ہوگا۔ ماہ نومبر میں وہ اپنی مجموعی طور سے 40 سالہ مدت ملازمت پوری کر کے ریٹائر ہوگئے۔

قائد جوہر نے بطور ڈسپنسر، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی ڈسپنسری کو جوائن کیا تھا اور پھر کچھ عرصے کے بعد ہی ہیڈ آفس کے ایڈمن ڈیپارٹمنٹ میں بطور مستقل ملازم جگہ بنالی اور بحثیت ایڈمن آفیسر ریٹائر ہوئے۔

قائد جوہر کے اعزاز میں ایک الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ہیڈ آفس کے لوگوں نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر انھوں نے اپنے طویل عرصہء ملازمت کے دوران پیش آنے والے دلچسپ واقعات شرکاء سے شیئر کئے۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ نے کہا کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ایک ایسی کمپنی ہے جہاں لوگ اتنی لگن سے کام کرتے ہیں یہ ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں جس پر ہم سب کو فخر ہے۔ انھوں نے قائد جوہر کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور ان کی ریٹائرڈ زندگی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔



تقریب کے آخر میں انھیں دوستوں کی جانب سے یادگاری تحائف بھی پیش کئے گئے۔



# فارمرز چوائس پولٹری پروڈکٹس۔ پولٹری فارمرز سیمینار











رپورٹ: ڈاکٹر زاہرہ محمود

اپنے صارفین کے ساتھ مربوط رابطے قائم کرنے کی غرض اور بنیادی سطح تک پہنچنے کیلئے ہم جدت اور مصروفیت پر مبنی طریقے تلاش کرتے ہیں۔ اس مقصد کے پیش نظر پولٹری فارمرز چوائس کا شعبہ پاکستان بھر میں باقاعدگی کے ساتھ پولٹری فارمرز کے اجتماعات منعقد کرتا ہے۔ ان اجتماعات کے ذریعہ ہم کو اپنے متوقع کلائنٹس کے ساتھ صحت مند تعلقات استوار کرنے، ان میں آگہی پیدا کرنے اور ان کو اپنی پروڈکٹس تجویز کرنے میں مدد ملتی ہے۔ تمام اجتماعات میں فارمرز چوائس پولٹری کے شعبہ سے متعلق تفصیلی گفت وشنید ہوتی ہے۔

اس مرتبہ فارمرز چوائس پولٹری شعبے کے سیشن کا اہتمام سیلز منیجر ڈاکٹر عمیر خان نے ریجنل سیلز منیجرز اور متعلقہ ایریا منیجرز کے ساتھ مل کر کیا۔

باہمی گفت وشنید میں نمایاں طور پر فارمرچوائس پولٹری اینٹی بایوٹک کی اہم پروڈکٹس پر بات چیت ہوئی۔ سیشن کے دوران میں پروڈکٹ کی درجہ بندی، اشارات، علامات، MOA، خوراک کی باقاعدگی، روک لینے (Withdraw) اور احتیاط کے بارے میں وضاحت کی گئی جس سے ہمارے معزز کلائنٹس کو فیلڈ میں اس کے مفید نتائج کے جلد حصول میں مدد ملے گی۔

یہ اجتماعات دوطرفہ گفت وشنید کی نشستوں کی صورت میں تھے اور ان کے دوران کئی پیشہ ورانہ معاملات پر بھی غوروخوض کیا گیا۔ صارفین پر توجہ مرکوز رکھنا ہماری پیشہ ورانہ اقدار میں شامل ہے اور ہمارا مقصد اس پلیٹ فارم کے ذریعے دوطرفہ ربط وضبط قائم کرنا ہے جس میں ہم نہ صرف پروڈکٹس کے بارے میں باہمی گفتگو کرتے ہیں بلکہ ان کو بہتر خدمات پیش کرنے کے مزید راستے معلوم کرتے ہیں۔

مجموعی طور پر اس مفید سیشن میں کئی پیشہ ور افراد ہماری نتیجہ خیز پولٹری پروڈکٹس استعمال کرنے کیلئے راغب ہوئے اور اس کیلئے دوسروں کی بھی حوصلہ افزائی کی۔ مجموعی طور پر سیمینار، سیکھنے کا ماحول پیدا کرنے کے لئے ایک مفید سرگرمی ثابت ہوا جہاں صارفین اور منیجرز دونوں کو ایک دوسرے کے ساتھ تبادلہ ءخیال کرنے اور ایک پرسکون اور دوستانہ ماحول میں اپنے مسائل اور تحفظات کو شیئر کرنے کا موقع ملا۔

# ٹیکنیکل سیمینار۔ کیٹل بریڈنگ اینڈ جینیٹکس

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے 24 ستمبر 2019 کو ساہیوال میں "کیٹل بریڈنگ اینڈ جینیٹکس" پر ایک ٹینیکل سیمینار کا اہتمام کیا۔ اس سیمینار میں 70 سے زیادہ افراد نے شرکت کی جن میں ڈیری بریڈرز، ڈیری کی خدمات فراہم کرنے والے اداروں، ڈیری فارمز کے مالکان، ویٹرنریز اور ڈیری کے پیشہ ور افراد شامل تھے۔ سیمینار میں St-Gen. نے ان کو کیٹل جنیٹیکس کے بارے میں حالیہ پیش رفت اور بریڈنگ کیلئے جدید ترین ٹیکنالوجی سے آگاہ کیا۔ ٹیکنیکل سیشنز کے علاوہ اس سیمینار میں St-Gen. (ٹیکنالوجی، لائیو اسٹاک جینیٹکس اور ری پروڈکشن میں لیڈر) کی جانب سے عالمی سطح کی مویشیوں کی جینیٹکس کا آغاز بھی کیا گیا۔ ٹیکنالوجی، لائیو اسٹاک جینیٹکس اور ری پروڈکشن میں لیڈر کی حیثیت کے حامل یو ایس میں قائم St-Gen. اس شعبہ میں 20 سال سے زیادہ تجربہ رکھتے ہیں اور sexedsemen ٹیکنالوجی میں پہل کار ہیں۔

یہاں یہ بتانا بے جا نہ ہو گا کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے اس سے پہلے ہی گزشتہ سال کارپوریٹ اور کمرشل شعبہ جات کیلئے St-Gen. بریڈنگ کا آغاز کر دیا تھا۔ کئی کارپوریٹ اور کمرشل ڈیری فارمز گزشتہ بریڈنگ کے مرحلے میں St-Gen کا استعمال کر چکے ہیں اور St-Gen & Cogent semen کے ذریعے حاملہ ہونے کی شرح اور اس سے متعلق متعین مقدار (parameters) سے بے حد مطمئن ہیں۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کو ملک بھر میں کمرشل، ترقی پسند اور چھوٹے فارمرز کیلئے اوپن مارکیٹ میں St-Gen semen پیش کرنے پر خوشی ہے۔

اس سلسلے میں St-Gen/Cogent انٹرنیشنل کے سیلز منیجر تھامس پیٹر نے ڈیری شعبہ کے ڈیری اسٹیک ہولڈرز سے ملاقات کرنے اور سیمینار میں شرکت کیلئے پاکستان کا دورہ کیا۔ انہوں نے پاکستان میں ڈیری فارمنگ کی ڈیولپمنٹس کو سراہا اور توقع ظاہر کی کہ St-Gen اس شعبہ کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔









اس موقع پر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے مارکیٹنگ اینڈ سیلز منیجر شہزاد مجید نے اپنی تقریر میں کہا، "ہم پاکستان میں ڈیری فارمنگ کے معیار کو بلند تر کرنے کیلئے جدید ترین ٹیکنالوجی متعارف کروانے اور دوسروں پر سبقت لیجانے پر بہت خوش ہیں"۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بین الاقوامی ہم آہنگی سے ہم کو عالمی سطح پر ہونے والی پیش رفت کو پاکستان میں لانے کا موقع ملا ہے اور ہمارے پارٹنرز کا شمار دنیا کی سرفہرست جینیٹکس اینڈ بریڈنگ کمپنیز میں ہوتا ہے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے سیلز منیجر BovineGeenetics، جناب علی اکبر بودلا نے اس عزم کو دہرایا کہ آئی سی آئی پاکستان، مکمل فارم منیجمنٹ سلوشن کے فراہم کردہ رہنے کے مشن کے مطابق اعلیٰ ترین پروڈکٹس پیش کرنے پر کاربند ہے۔

انہوں نے فارمرز پر زور دیا کہ وہ پاکستان میں جینیٹک پول کو بڑھانے کیلئے جینیٹکس اور بریڈنگ کی جدید ترین ٹیکنالوجیز استعمال کر کے اپنی منفعت پر توجہ مرکوز رکھیں۔

Friesland Campina Engro کے نیشنل ایگری سروسز منیجر ڈاکٹر سرفراز احمد نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے پاکستان کے ڈیری فارمنگ کے معیار کو بلند تر کرنے کی کاوشوں کی تعریف کی اور توقع ظاہر کی کہ اشتراک کے ساتھ کام کر کے پاکستان میں ڈیری کا شعبہ ایک قابل قدر پارٹنر ثابت ہو گا۔



# انٹرنیشنل پولٹری کانفرنس، لاہور

رپورٹ: ڈاکٹر طٰہٰ ندیم

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اینیمل ہیلتھ پولٹری کے شعبہ نے اپنے چینل پارٹنر CAVAC کے اشتراک سے بین الاقوامی پولٹری کی نمائش (IPEX- 2019) میں شرکت کی۔ یہ تین روزہ تقریب 13، 14 اور 15 ستمبر کو ایکسپو سینٹر، لاہور میں منعقد ہوئی جس میں 200 سے زیادہ مقامی اور بین الاقوامی فارماسیوٹیکلز کمپنیز، ویکسین سپلائرز، فیڈ ملرز، بریڈر اور فارم ایکویپمنٹ کمپنیز نے شرکت کی۔

IPEX,19. میں جناب رابرٹ شن (اوورسیز ایریا سیلز منیجر) اور جناب جیسن لم (ڈائریکٹر اوورسیز بزنس) CAVAC کوریا کے نمائندوں کی حیثیت سے شریک ہوئے۔

شرکاء کیلئے یہ تجربات شیئر کرنے، آئیڈیاز کے بارے میں تبادلہ ءخیال کرنے اور ٹیکنیکل سیشنز کے دوران میں مختلف موضوعات اور مضامین پر تیار کی گئی پریزنٹیشنز کے ذریعہ اپنی معلومات میں اضافہ کرنے کا سنہری موقع تھا۔ اس تقریب میں کنزیومر ایکٹیوٹی کے طور پر ڈپلومیٹس، میڈیا کے لوگوں اور اینکرز اور یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز کیلئے تین باہمی گفت وشنید کے سیشن بھی منعقد ہوئے۔ اس تقریب میں فارمرز اور ویٹرنیریز کو آگہی فراہم کی گئی جس کیلئے پولٹری فارمرز اور ویٹرنرئیز کو سکھانے اور سمجھانے کیلئے مختلف کمپنیز کی جانب سے 12 سیمینارز منعقد کئے گئے تا کہ وہ اپنے جانوروں کے گروہ کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھ سکیں اور جدید فارمنگ ٹیکنالوجیز اپنائیں۔

اس تقریب کے ذریعہ صوبائی اور وفاقی حکومتوں سے متعلق بعض مسائل کے حل کیلئے بھی ایک فورم فراہم ہوا۔ ملک بھر سے آئے ہوئے فارمرز نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اسٹال کا دورہ کیا، CAVAC ویکسینز اور زیادہ سے زیادہ پولٹری پروڈکشن میں اس کے کردار سے متعلق بحث ومباحثہ میں حصہ لیا۔













# جدت پر مبنی آئیڈیاز۔ کاروبار میں ترقی کا راز

(Berg+Schmidt ٹیکنیکل ٹریننگ از ڈاکٹر سندور)

رپورٹ: ڈاکٹر ذیشان خالد

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے انیمل ہیلتھ پولٹری ڈویژن برگ اینڈ شمیڈٹ (Berg+Schmidt) پورٹ فولیو بمعہ برگا پرائم اینڈ برگاپور (BergaprimeandBergapur) کیلئے ٹیکنیکل سیشن اور پروڈکٹ ٹریننگ کا اہتمام کیا۔ برگ اینڈ شمیڈٹ (Berg+Schmidt) گزشتہ 55 سال سے lipids کے شعبہ میں کام کررہے ہیں اور اس تجربہ کی بناء پر فیڈ کی صنعت کو ضروری اور اہم اجزاء کی فراہمی کے انتہائی قابل اعتماد سپلائر مانے جاتے ہیں۔ ان ٹیکنیکل سیشنز اور پروڈکٹ ٹریننگ کیلئے ڈاکٹر سندور ٹیکنیکل منیجر برگ اینڈ شمیڈٹ کو دعوت دی گئی۔ ان سیشنز کی نگرانی ڈاکٹر انوار الحق نیشنل سیلز منیجر پولٹری ڈویژن کے ہمراہ ڈاکٹر طہٰ پروڈکٹ منیجر، ڈاکٹر سید عامر سیلز منیجر اور ڈاکٹر فیاض لیسین ایریا منیجر نے کی۔

پہلی پروڈکٹ ٹریننگ 4 نومبر 2019 کو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے کارپوریٹ آفس میں منعقد ہوئی۔ اس ٹریننگ کا ایجنڈا ہماری ٹیم کو برگ اینڈ شمیڈٹ پورٹ فولیو کے بارے میں معلومات فراہم کرنا اور اس پورٹ فولیو سے متعلق شرکاء کے سوالوں کے جواب دینا تھا۔ 5 نومبر 2019 کو ڈاکٹر سندور برگ اینڈ شمیڈٹ (Berg+Schmidt) نے لاہور میں K&Ns اور صابر پولٹری کا دورہ کیا اور متوقع کسٹمرز کو اپنے پورٹ فولیو کے بارے میں مختصراً بتایا۔ اس کے علاوہ 6 نومبر 2019 کو جدید گروپ، SB فیڈز، اسلام آباد میں بھی ایسے سیشنز منعقد ہوئے۔ 7 نومبر 2019 کو اکٹر سندور نے کراچی میں فیڈ ملز کا دورہ کیا اور برگ اینڈ شمیڈٹ پورٹ فولیو کے بارے میں فیڈ ملز کے کنٹرولرز کو ٹیکنیکل معلومات فراہم کیں اور پورٹ فولیو سے متعلق سوالات کے جواب دیئے۔



ان ٹیکنیکل سیشنز کا مقصد متوقع کسٹمرز کو ہمارے نئے پورٹ فولیو برگ اینڈ شمیڈٹ کے بارے میں آگہی فراہم کرنا اور ان اداروں میں آزمائشی مشقیں (trials) منعقد کرکے ابتدائی سیلز میں خاطر خواہ اضافہ کرنا تھا۔

اس طرح پاکستان میں فارمرز اور فیڈ ملرز کو درپیش مسائل سے مقابلے کیلئے جدت پر مبنی آئیڈیاز اور حکمت عملی فراہم کی گئی۔ اس قسم کی ٹریننگ سے ٹیم کا اعتماد بڑھتا ہے اور وہ زیادہ ٹیکنیکل معلومات کے ساتھ کام کرسکتے ہیں۔ اس کے ذریعہ کسٹمرز کے ساتھ دوطرفہ رابطے قائم کرنے اور ان کے مسائل کے حل پیش کرنے میں بھی مدد ملی۔







# تھر میں ڈرینچنگ کی مہم

انیمل ہیلتھ نے تھر میں لائیو اسٹاک کی ڈی وورمنگ کی اہمیت کے بارے میں آگہی فراہم کرنے کیلئے ایک ڈرینچنگ کی مہم کا اہتمام کیا۔ شرکاء میں اکثر کا تعلق صحرائی علاقوں سے تھا، اس کے سبب ان کے پاس نہ تو مناسب سہولتیں موجود تھیں اور نہ ہی ڈی وورمنگ کے بارے میں ان کو کوئی علم تھا۔ بہرحال شرکاء کو بر وقت ڈی وورمنگ کے فائدوں سے آگاہ کیا گیا اور باقاعدہ طور پر ڈرینچنگ کا طریقہ کار سمجھایا گیا۔ یہ مہم دو دن پر مشتمل تھی جس میں 700 سے زیادہ فارمرز شامل ہوئے۔





# لائیو اسٹاک فارمرز کیلئے آگاہی مہم

انیمل ہیلتھ لائیو اسٹاک ڈویژن کی جانب سے پاکستان بھر میں فارمرز کی آگاہی کے پروگرام جاری ہیں۔ اس سلسلے میں کمرشل ڈیری ٹیم نے آگاہی کیلئے بڑے پیمانے پر مختلف اجتماعات کا انعقاد کیا۔ ان اجتماعات میں فارمرز کو معیاری فیڈ کی اہمیت اور خاص طور پر پرانے روایتی اور دیگر غیر متوازن خوراک کے نقصان دہ اثرات کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ کاشتکاروں کو سمجھایا گیا کہ انھیں اپنے جانوروں کو کس طرح غذائیت پر مبنی متوازن خوراک دینی چاہیئے اور یہ بھی کہ آئی سی آئی کی پروڈکٹس کس طرح ان کے جانوروں کی صحت کیلئے فائدہ مند ہیں۔



انڈس ریجن میں ایریا منیجر ڈاکٹر عطاالرحمن نے ہر ضلع میں بڑے پیمانے پر آگاہی کی کئی مہمات کا اہتمام کیا جن میں خاص طور پر برسات کے موسم اور لائیو اسٹاک میں کیڑوں کے خطرات کے حوالے سے گفتگو کی۔ ان اجلاسوں کا مقصد ڈی وارمنگ اور معیاری فیڈ کے استعمال کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا تھا۔



اس حوالے سے گزشتہ دنوں ضلع لیّہ کے علاقے کروڑ پکا میں ایسے ہی ایک بڑے اجتماع کا انعقاد کیا گیا۔ اس میں مقامی فارمرز اور ڈیری فارمنگ میں دلچسپی رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ آئی سی آئی کی ٹیم میں شامل ٹی ایس او محمد شفیق، ڈاکٹر عطاالرحمن اور اور پروڈکٹ منیجر عمر عبدالرحمن نے کمپنی کی تاریخ، اس کی ملک بھر میں موجودگی اور اس کے غذائیت اور فیڈ پورٹ فولیو کے بارے میں گفتگو کی۔ لوگوں کو آگاہ کیا گیا کہ یہ پروڈکٹس کس طرح ان کے جانوروں کی صحت اور پیداوار کیلئے فائدہ مند ہو سکتی ہیں۔ اس کے بعد ٹیم نے سوالوں کے جواب دیئے اور شرکاء کو ڈی وارمنگ، فارم منیجمنٹ کے جدید ترین طریقوں اور حفظانِ صحت کے عناصر کے بارے میں سمجھایا۔ تقریب میں شامل افراد نے ہمارے فارمرز چوائس 50 کلو کے سائیلیج بیگ میں خصوصی دلچسپی ظاہر کی۔



ریجنل سیلز منیجر، اسلام آباد ریجن ساجد نواز اور ٹی ایم ڈاکٹر محمد وقاص نے آزاد کشمیر میں فارمرز کی آگاہی کے ایک اور اجلاس کا انعقاد کیا۔ اس اجلاس میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر لائیو اسٹاک ڈاکٹر خالد قیوم نے بھی شرکت کی۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کمپنی کی کاوشوں کی تعریف کی اور فارمرز کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے فارم میں پائیدار ترقی کیلئے آئی سی آئی کی پروڈکٹس استعمال کریں۔ اشفاق بودلا اور زید احسن نے بھی بالترتیب لاہور اور سرگودھا میں آگہی کے لئے معروف فارمرز کے اجتماع کا انعقاد کیا۔



# سائیکل میٹنگ

## فارمرز چوائس پولٹری پروڈکٹس

رپورٹ: ڈاکٹر زاہرہ محمود

ہمارے اینیمل ہیلتھ فارمرز چوائس پولٹری کے شعبے نے گزشتہ دنوں فلیٹیز گرانڈ ہوٹل لاہور کے پر سکون ماحول میں سائیکل میٹنگ کا انعقاد کیا جس کا مقصد ایک سازگار پلیٹ فارم مہیا کرنا تھا جہاں ٹیم کو پروڈکٹس کے بارے میں معلومات فراہم کی جائیں اور ان کے علم میں قیمتی اضافہ کیا جائے۔ اجلاس کا آغاز جنرل منیجر صبور احمد کی افتتاحی تقریر سے ہوا جس کے بعد فارمرز چوائس پورٹ فولیو کی کارکردگی کے بارے میں تفصیل سے تبادلہ خیال ہوا۔ جنرل منیجر صبور احمد نے مالی سال 2018-19 کے دوران میں ٹیم کو درپیش بڑے چیلنجز کے بارے میں آگاہ کیا۔ اس کے علاوہ انھوں نے HSE&S کے بارے میں ایک تفصیلی پریزنٹیشن دی جس میں ٹیم کو خاص طور پر روڈ سیفٹی کے بارے میں بتایا گیا۔

پروڈکٹ منیجر ڈاکٹر زاہرہ محمود نے ٹیکنیکل ٹریننگ کا اہتمام کیا جس کے ساتھ معلوماتی کوئز، رول پلے اور ٹیم بلڈنگ کی سرگرمیاں بھی منعقد کی گئیں۔ ان سرگرمیوں کا مقصد ٹیم کی سمجھ بوجھ اور صلاحیتوں میں اضافہ کرنا تھا۔ اجلاس کے آخر میں ٹیم کی جانب سے کئے گئے سوالات کے جواب بھی دیئے گئے۔

اجلاس کے آخری دن شرکاء کے درمیان رول پلے کی سرگرمی نمایاں رہی جس کا مقصد اپنی سیلز ٹاسک فورس کو مشق کرنے کا موقع فراہم ہو تاکہ اس طرح ٹیم کو مختلف حقیقی سیلز چیلنجز کا سامنا کرنے اور اس کیلئے پہلے سے تیار رہنے کی مشق ہو۔ اس کے علاوہ اینٹی بایوٹیکس کے فارماکولوجیکل عمل اور ان کی اہمیت کے بارے میں تفصیلی پریزنٹیشن دی گی۔ مہمان مقرر ڈاکٹر عقیل جاوید نے Combination & Withdrawl time کے فوائد کے بارے میں تقریر کی۔






نیشنل سیلز منیجر پولٹری ڈاکٹر انوارالحق نے بھی اس تقریب میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ آخر میں سرگرمیوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں میں انعامات تقسیم کئے گئے۔

مجموعی طور پر یہ سائیکل میٹنگ انتظامیہ اور سیلز ٹیم دونوں کیلئے فائدہ مند رہی اور اس سے ٹیم کی ٹیکنیکل صلاحیتوں کو نکھارنے میں مدد ملی اور آنے والے سال میں ان کو زیادہ محنت اور جذبہ کے ساتھ کام کرکے اہداف حاصل کرنے کیلئے حوصلہ افزائی ہوئی۔









اینیمل ہیلتھ

# سائلیج فیسلیٹی کورٹیوا ایشیا پیسفک کے صدر کا دورہ

رپورٹ: عمر عبدالرحمن

نومبر 2019 میں کورٹیوا ایگری سائنس کے ایشیاء پیسفک ریجن کے صدر پیٹر فورڈ نے قصور میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے سائلیج پلانٹ کا دورہ کیا۔ اس دورے کے دوران میں ان کو مختصراً بتایا گیا کہ پاکستان بھر میں Maize Silage کو اگانے اور رجحان کی کیا صورتحال ہے اور آئی سی آئی کس طرح سائلیج مارکیٹ میں نمایاں کردار ادا کررہاہے، اور اس نے چھوٹے، اوسط اور بڑے پیمانے کے کمرشل ڈیری فارمز میں داخل ہو کر اپنے قدم جمائے ہیں۔ جنرل مینجر انیمل ہیلتھ بزنس صبور احمد نے ان کو نئے 50kg بیگ کی مینوفیکچرنگ کا طریقہء کار دکھایا۔ شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے جناب پیٹر فورڈ نے پاکستان میں سائلیج کے کام کی تعریف کی اور سائلیج کی پروڈکشن، بیماری میں اس کے استعمال اور اسٹوریج وغیرہ سے متعلق مقامی فارمرز اور شرکاء کے سوالوں کے جواب دیئے۔











# ٹراؤنیوٹریشن (TrouwNutrition) ٹیکنیکل ٹیم کی ٹریننگ

رپورٹ: ڈاکٹر طہٰ ندیم

انیمل ہیلتھ پولٹری شعبہ کی پولٹری میڈیسن ٹیم کی سہ ماہی میٹنگ کمپنی کے مزنگ آفس میں منعقد ہوئی۔ ٹیم کی صلاحیتوں میں اضافہ کیلئے ٹراؤنیوٹریشن کی ٹیکنیکل ٹیم کو دعوت دی گئی کہ وہ اپنے موجودہ پورٹ فولیو کے بارے میں مختصر طور پر ٹیم کو بتائیں اور ان کے ٹیکنیکل سوالات کے براہ راست جواب دیں۔ ٹراؤنیوٹریشن انیمل نیوٹریشن کی صنعت کے عالمی لیڈر ہیں جو دنیا کے کونے کونے میں پری مکسز، پروٹین کنسنٹریٹس، جدید فیڈ کی اسپیشلٹیز اور نیوٹریشن کی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ ٹریننگ کے سلسلے میں ٹراؤ کے کنٹری مینجر ڈاکٹر عمر ستار اور ٹیکنیکل سیلز مینجر ڈاکٹر ذیشان اسلم نے سیشن کا اہتمام کیا۔

سب سے پہلے ڈاکٹر عمر ستار نے پولٹری میں آنتوں کی صحت کی اہمیت کے بارے میں پریزنٹیشن دی اور Selko pH پر تفصیلی گفت و شنید کی۔ انہوں نے فیڈ کے معیار اور فیڈ مل کی استعداد کو بہتر بنانے میں Fysal اور Fylax کے اثرات کا ذکر کیا۔ اس کے بعد ڈاکٹر ذیشان اسلم نے ٹیم کو پولٹری میں بیکٹیریا کے حملے پر قابو پانے کیلئے Selacid Green Growth کے مشترکہ عمل سے متعلق مختصر معلومات فراہم کیں۔ انہوں نے Mycotoxin رسک منیجمنٹ کیلئے TOXO رینج سے متعلق گفت و شنید کی اور مارکیٹ میں دستیاب موجودہ مسابقتی پروڈکٹس کے مقابلے میں اس کے فرق کرنے والے پوائنٹس بیان کئے۔






مجموعی طور پر ٹیم کے لئے ٹریننگ سیشن بہت مفید ثابت ہوا کیوں کہ اس میں پولٹری نیوٹریشن کے بارے میں جدید ترین پیش رفت تفصیل کے ساتھ بیان کی گئی اور Selko پروڈکٹس کی مناسب پوزیشننگ کا بھی ذکر کیا گیا۔ اس کے علاوہ پولٹری کی منفعت اور معیشت کے بارے میں سمجھ کر مارکیٹ میں مقابلے کیلئے نئے طریقوں سے تفصیلی آگہی حاصل ہوئی۔

# معاشی نقصانات کو کم سے کم کرنے کی کاوشیں

رپورٹ: ڈاکٹر زاہرہ محمود

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، انیمل ہیلتھ ڈویژن کے شعبہء پولٹری کے تحت اوکاڑہ، حیدرآباد، کوٹ اڈّو، گوجرنوالہ اور لاہور میں فارمرز اور پروفیشنلز کے اجتماعات منعقد ہوئے۔ ان کا اہتمام سیلز منیجر اور متعلقہ ریجنل اور ایریا منیجرز نے کیا تھا۔

ان اجتماعات کا مقصد پولٹری فارمرز اور پروفیشنلز کو فارمرز چوائس اینٹی بایوٹکس پورٹ فولیو کے ذریعے بیکٹیریا اور وبائی امراض پر کنٹرول کے بارے میں آگہی فراہم کرنا تھا۔ ہر اجتماع میں معروف کمپنیوں سے منسلک 20 سے زیادہ فارمرز اور پروفیشنلز نے شرکت کی۔

ان میٹنگز کا آغاز تلاوت کلامِ پاک سے ہوا جس کے بعد HSE&S کے بارے میں مختصر طور پر بتایا گیا جو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی اہم بنیادی اقدار میں سے ہے۔ اس میں خاص طور پر ان حفاظتی اقدامات پر زور دیا گیا جو کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے اپنانا ضروری ہیں۔ اس کے بعد ڈاکٹر زاہرہ محمود نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی تاریخ سے متعلق آگہی فراہم کی اور ہمارے وژن اور اقدار کے ساتھ ساتھ ہمارے بڑے کاروبار اور بین الاقوامی پارٹنرز سے متعلق مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔





بعد ازاں، ٹیکنیکل سیشن کا آغاز فارمرز چوائس پورٹ فولیو سے ہوا۔ ڈاکٹر زاہرہ محمود نے فارمرز چوائس اینٹی بایوٹکس کے بارے میں تفصیلی گفت وشنید کی جس میں پولٹری فارمز میں موجود بیکٹیریا پر مبنی بیماریوں پر موثر کنٹرول کا ذکر کیا اور اس پروڈکٹ کی نمایاں خصوصیات بتائیں اور دیگر مسابقتی پروڈکٹس کے مقابلے میں اس کے برتر اور زیادہ موثر ہونے کے بارے میں آگاہ کیا۔ اجتماع کے آخر میں سوال وجواب کا سلسلہ ہوا جس میں سب نے دلچسپی سے حصہ لیا اور حاضرین کے سوالات کے تسلی بخش جواب دیئے گئے۔

مجموعی طور پر یہ تقریبات انتہائی مفید اور کارآمد ثابت ہوئیں کیونکہ اس میں پروفیشنلز اور فارمرز کو پولٹری پروڈکشن سسٹم میں اچانک پھوٹ پڑنے والی بیماریوں پر موثر کنٹرول کیلئے بہتر معیار کی پروڈکٹس اور کنٹرول کی باکفایت حکمتِ عملی کے بارے میں آگہی فراہم کی گئی۔







# بین الاقوامی پیرا سیٹولوجی کانفرنس "پیرا کون 2019"















رپورٹ: ڈاکٹر انیس عثمان

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے 2019 کو بین الاقوامی پیراسیٹولوجی کانفرنس (PARACON) نمائش میں شرکت کی۔ یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ انیمل سائنسز (UVAS) لاہور کے ڈپارٹمنٹ آف پیراسیٹولوجی نے سٹی کیمپس لاہور میں پاکستان سوسائٹی آف پیراسیٹولوجی (PSP) کے اشتراک سے "پیراسائٹ پر کنٹرول کے ذریعہ غذا کا تحفظ" کے موضوع پر بین الاقوامی کانفرنس (PARACON 2019) کا اہتمام کیا۔ اس کانفرنس میں پاکستان، یو ایس اے، یو کے، ایران، تونیسیا اور دیگر ممالک سے لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری کے اسٹیک ہولڈرز کے علاوہ فارمرز، ایکسٹینشن ایجنٹس، لائیو اسٹاک ڈیولپمنٹ کے اداروں، تحقیق کاروں اور سائنسدانوں وغیرہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی جو لائیو اسٹاک کے شعبہ میں عموماً اور خصوصاً لائیو اسٹاک پیراسیٹولوجی کے بارے میں جدید ترین ایجادات، ٹیکنالوجیز اور پیش رفت کے بارے میں جاننا چاہتے تھے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے اس میں اپنے شاندار پورٹ فولیو کی نمائش کا اسٹال لگایا جو اس کے لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری کے شعبہ جات میں مکمل فارم مینیجمنٹ کا حل فراہم کرنے والے ادارے کا تصور پیش کرتا ہے۔ ہماری ٹیکنیکل اور سیلز ٹیمیں اپنے بوتھ پر موجود تھیں اور نمائش میں لگے اسٹال پر آنے والے مہمانوں کو ہماری مختلف پروڈکٹس اور خدمات کے بارے میں آگہی فراہم کر رہی تھیں۔

بڑی تعداد میں وفود ہمارے بوتھ پر تشریف لائے اور انہوں نے ہماری پروڈکٹس میں خصوصی دلچسپی کا اظہار کیا۔ ہماری بنیادی Anthelmintic رینج، بشمول nilverm plus، Oxfenda SC، Systamex، Vorcid اور Zanil نمایاں طور پر آنے والوں کی توجہ کا مرکز تھیں۔ اسٹال پر آنے والوں نے ST جینیٹکس کی bovine جینیٹکس رینج اور ہماری غذائیت پر مبنی پروڈکٹس بشمول سائلیج اور ونڈہ میں بھی خاص دلچسپی ظاہر کی۔



# انیمل ہیلتھ بزنس پرفارمنس ایوارڈز

رپورٹ: محمد طلحہٰ ایاز

27نومبر کو انیمل ہیلتھ نے بہترین پرفارمرز کیلئے اعلیٰ ترین کارکردگی کے ایوارڈز کی سالانہ تقریب کا انعقاد کیا، اس تقریب کا سلوگن تھا"TogetherweTransform" جو بزنس کے پختہ یقین کی سند ہے کہ اپنے لوگوں کو با اختیار بنا کر اور ان کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھا کر ہی ہم اپنے تمام اسٹیک ہولڈرز کو پائیدار خدمات فراہم کر سکتے ہیں جو اثر انگیز ہوں۔ تقریب کے مہمانانِ خصوصی آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے سٹریٹیجی، بزنس ڈیولپمنٹ اینڈ انوویشن کے جنرل منیجر ایقان علی خان نے خصوصی شرکت کی۔

تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کے بعد انیمل ہیلتھ بزنس کے جنرل منیجر صبور احمد نے تقریر کی۔ صبور احمد نے اپنی تقریر میں بزنس کی کامیابیوں پر مبارکباد دی، اپنی ٹیم کی برسوں کی زبردست کاوشوں کی تعریف کی اور ٹیم کے سامنے چیلنج پیش کیا کہ وہ آنے والے سالوں میں بھی اسی محنت اور لگن کے ساتھ آگے بڑھیں۔ ان کی تقریر کے بعد بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کی انتھک محنت کے اعتراف میں سرٹیفکیٹس اور ایوارڈز تقسیم کئے گئے۔ اس تقریب میں انیمل ہیلتھ کے اقدام ایمپلائز کی مصروفیات پر مبنی سرگرمی Connect 2020 کے جیتنے والوں کی جیت کا جشن بھی منایا۔ تمام انیمل ہیلتھ کے جیتنے والوں کو ماہانہ مقابلوں میں پرجوش طریقے سے شرکت کرنے پر خوبصورت انعامات بھی دیئے گئے۔

پرفارمنس ایکسیلنس ایوارڈز کی تقسیم کے بعد انیمل ہیلتھ کیلئے StrategyRollout کا سیشن منعقد ہوا جس میں آصف جمعہ اور جناب ایقان نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور انیمل ہیلتھ اور دیگر بنیادی شعبہ جات کیلئے وژن کا تعین کیا جو کمپنی کو 2025 کے ہدف کے حصول میں مددگار ہوں گے۔

یہ تقریب ٹیم کی کامیابیوں کے حصول اور غیر معمولی کارکردگی کے جشن منانے کیلئے منعقد کی گئی تھی جس کا شرکاء پر دیرپا خوشگوار اثر پڑا۔













انیمل ہیلتھ











# بلوچستان لائیو اسٹاک ایکسپو 2019

رپورٹ: عمر عبدالرحمن

بلوچستان لائیو اسٹاک ایکسپو کا انعقاد 18 تا 20 نومبر 2019 ایکسپو سینٹر، یونیورسٹی آف بلوچستان کوئٹہ میں ہوا۔ اس میں بڑی تعداد میں افراد نے شرکت کی جن میں مقامی فارمرز، ویٹرنری کے پیشہ ور افراد اور کوئٹہ اور بلوچستان کی یونیورسٹیوں کے طلبہ اور پاکستان بھر سے مختلف کمپنیاں شامل تھیں۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے بھی اس نمائش میں اپنا اسٹال لگایا۔ بلوچستان لائیو اسٹاک ایکسپو میں آئی سی آئی کی شرکت کا مقصد اینیمل ہیلتھ کی صنعت میں کمپنی کا نام نمایاں کرنا اور بلوچستان کی وسیع گنجائش کی مارکیٹ میں اپنے برانڈ کی آگہی پیدا کرنا تھا۔ اس تقریب کے باہمی میل جول کے ماحول میں بزنس کو کسٹمرز کے ساتھ براہ راست ملاقات کرکے سیکھنے اور سکھانے کا موقع ملا۔ آئی سی آئی کے نمائندوں نے آنے والوں کو پروڈکٹ کے بارے میں معلومات فراہم کیں اور لوگوں میں سیمپل اور تشہیری مواد فراہم کیا۔ اس پلیٹ فارم سے آئی سی آئی کو مارکیٹ میں چھوٹے، اوسط اور بڑے پیمانے کے کاروبار کرنے والوں کے بارے میں جاننے کا موقع ملا۔ ایکسپو میں بنیادی توجہ نیوٹریشن اور فیڈ پر تھی جس سے کوئٹہ اور بلوچستان ریجن میں اس شعبہ کی طلب کا پتہ چل سکا۔

آئی سی آئی کے اسٹال پر صدر پاکستان، وزیر اعلیٰ بلوچستان، وزیر برائے لائیو اسٹاک، بلوچستان، سیکرٹری لائیو اسٹاک، بلوچستان، ڈی جی لائیو اسٹاک اور دیگر نامور شخصیات تشریف لائیں اور ان کے علاوہ بڑی تعداد میں عام افراد نے بھی ہمارا اسٹال وزٹ کیا۔














# اینٹی بایوٹیکس کے بغیر تیار کردہ پروڈکٹس





## ٹراؤکی ٹیم کاK&Nsکادورہ

رپورٹ:ڈاکٹرذیشان خالد

"اینٹی بایوٹیکس کے بغیر تیار کی گئی" سے مراد ہے کہ کسی بھی مرحلے پر حتیٰ کہ تیاری کے آغاز پر بھی اینٹی بایوٹیکس استعمال نہیں کی گئیں۔ عالمی ادارہ صحت(WHO)کے مطابق انسانوں اور جانوروں کی دواؤں دونوں میں اینٹی بایوٹیکس کا حد سے زیادہ استعمال سپر بگز۔ ایسے بیکٹیریا کی افزائش کا سبب ہوتا ہے جو اینٹی بایوٹکس کیلئے مزاحمت کرتا ہے۔اس اقدام کا مقصد کنزیومرز کو اس یقین دہانی کے ساتھ جانوروں کی پروڈکٹس فراہم کرنا تھا کہ وہ جو پروڈکٹ خرید رہے ہیں وہ اینٹی بایوٹیکس استعمال کئے بغیر تیار کی گئی ہے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے پولٹری ڈویژن نے ٹراؤنیوٹریشن کے اشتراک سے پاکستان میں RWAکے اقدام کا آغاز کردیا ہے۔ یہ ادارہ جانوروں کی غذائیت کی صنعت میں عالمی لیڈر کی حیثیت رکھتا ہے اور فیڈ کی جدت پر مبنی اسپیشلٹیز، پری مکسز اور نیوٹریشنل سروس فراہم کرتا ہے۔اس سلسلے میں ڈاکٹر اشرف فرح (وی پی، ٹراؤ نیوٹریشن)، Hay Kleuskens (BUM، ٹراؤنیوٹریشن)اور پیٹر شمڈت(ٹیکنیکل ڈائریکٹر، ٹراؤنیوٹریشن) نے 30اکتوبر2019کوڈاکٹر عمرستار(کنٹری منیجر، ٹراؤنیوٹریشن)، ڈاکٹر ذیشان اسلم (ٹیکنیکل سیلز منیجر، ٹراؤنیوٹریشن)،ڈاکٹرانوارالحق NSM، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ)اور ڈاکٹر طہٰ ندیم(پروڈکٹ منیجر، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ) کے ہمراہ K&N'sکا دورہ کیا۔ یہ دورہ RWAکے اقدام کا حصہ تھا۔

ٹراؤنیوٹریشن کی ٹیم نے اس اقدام کو شروع کرنے سے پہلے فارمز اور فیڈمل میں دستیاب سہولتوں کے معائنہ کیلئے K&N'sپولٹری فارمز اور فیڈمل کا آڈٹ کیا جہاں ڈاکٹر عمران منہاس(پروڈکشن منیجر K&N's)نے ان کے سامنے فیسلیٹیز اور ان کے فارمز اور فیڈ ملز میں اختیار کئے گئے پروٹوکول کا مکمل عملی مظاہرہ پیش کیا۔

اس کے علاوہ ٹراؤ نیوٹریشن کی ٹیکنیکل ٹیم K&N'sمیں (RWA Raised wihout Antibiotic) اقدام کو کامیابی کے ساتھ شروع کرنے کیلئے پروڈکٹس اور سامان کی تجاویز پیش کریں گے۔

RWAکے فروری2020میں شروع ہونے کی توقع ہے۔



# الکیو فلیکس۔ نئی پروڈکٹ

ہمارے فارماسیوٹیکلز پورٹ فولیو سے سن فلیکس کے اخراج کے بعد بڑا ضروری تھا کہ ہم اس کا کوئی متبادل تیار کریں۔ چنانچہ ہماری فارماسیوٹیکلز کی ٹیم نے اس منصوبے پر کام شروع کیا اور بالا آخر الکیو فلیکس (ALCULEX) کے برانڈ نام سے ہاکس بے پلانٹ پر اس کی تیاری شروع کر دی گئی۔

یہ ایک طرح سے ہماری پیداواری صلاحیت کی بھی نشاندہی کرتی ہے کہ ہم اپنے پلانٹ پر ایک اعلیٰ معیار کی دوا صارفین کیلئے تیار کر سکتے ہیں۔

واضح رہے کہ ہاکس بے پلانٹ پر 7 سال کے بعد کوئی نئی پروڈکٹ تیار کی گئی ہے جبکہ الکیو فلیکس کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ ایچ بی پلانٹ کے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے ملکیتی حقوق کے حصول کے بعد یہ پہلی پروڈکٹ ہے جو یہاں تیار کی گئی ہے۔

اس حوالے سے ایک سادہ اور پروقار تقریب ہاکس بے پلانٹ پر منعقد کی گئی جس کے مہمانِ خصوصی آصف جمعہ، چیف ایگزیکٹو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ تھے۔ اس موقع کو یادگار بنانے کیلئے کیک کٹنگ کی تقریب بھی ہوئی۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج ہم ایک نئے سفر کا کامیابی سے آغاز کر رہے ہیں۔ الکیو فلیکس ہمارے پرائمری کیئر پورٹ فولیو میں ایک اہم برانڈ ہے جو کہ مسلسل اچھے نتائج دے رہا ہے میں امید کرتا ہوں کہ آپ سب کی اپنے کام سے لگن اور محنت اس برانڈ کو مارکیٹ میں نمایاں مقام دلائے گی۔

اس سے قبل ہاکس بے پلانٹ پر مہمانوں کیلئے نئی انتظار گاہ کا بھی افتتاح کیا گیا جس کی خاص بات کمپنی کی ہسٹری وال ہے تاکہ ہمارے مہمانوں اور اسٹاف کو پتہ چلے کہ کمپنی کی بنیادیں کتنی مضبوط ہیں اور کمپنی کا مستقبل کتنا پائیدار رہے۔













# لکیوئیڈ کیم لائن افتتاح

## جدید خود کار فلنگ اینڈ پیکنگ سسٹم

فارماسیوٹیکلز میں لکیوئیڈ فلنگ لائن کی بڑی اہمیت ہے جو کہ سیرپ کی فلنگ اور پیکنگ کیلئے استعمال ہوتی ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ہاکس بے پلانٹ پر گزشتہ دنوں ایک جدید خود کار یورپین لیکوئیڈ فلنگ اینڈ پیکنگ لائن تنصیب کی گئی جس کا افتتاح فارماسیوٹیکلز کی ٹیم اور پلانٹ اسٹاف کے ہمراہ آصف جمعہ، چیف ایگزیکٹو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے کیا۔

اس جدید پیکنگ اینڈ فلنگ لائن کی تنصیب سے ہمارے ہاکس بے پلانٹ کی پیداواری صلاحیت میں 60 فیصد اضافہ ہوگیا ہے۔ جس کی وجہ سے ہم اپنے صارفین کو بہتر طریقے سے خدمات مہیا کر سکیں گے۔

اس لائن کی تنصیب کے حوالے سے خاص بات یہ ہے کہ اس لائن کو ہماری انجینئرنگ ٹیم نے مقامی کنٹریکٹر کے ساتھ مل کر خود نصب کیا ہے۔ جو کہ ہماری انجینئرنگ ٹیم کی شاندار صلاحیتوں کا مظاہرہ ہے۔















فارماسیوٹیکلز

# نیوٹرا پلانٹ: کارکردگی میں سبقت





رپورٹ: جمشید رحمن

20نومبر کو نیوٹرا پلانٹ پر "کارکردگی میں سبقت" کے موضوع پر ایک روزہ سیشن منعقد ہوا۔ اس کا اہتمام نیوٹرا پروڈکشن منیجر نے کیا تھا۔ اس ٹریننگ میں ویئر ہاؤس، کوالٹی کنٹرول اور کوالٹی ایشورنس پلاننگ اینڈ پروڈکشن کے تمام آپریٹرز اور منیجمنٹ اسٹاف کو مدعو کیا گیا۔

اس سیشن کے دوران میں ٹیم بلڈنگ گیمز کھیلے گئے اور جیتنے والی ٹیموں کو ایوارڈ دیئے گئے۔ نیز ماہ کے بہترین ایمپلائی کے ایوارڈ بھی تقسیم کئے گئے جن میں علی حیدر کو ڈاکومنٹیشن پر اکتوبر کے بہترین ایمپلائی، نومبر کیلئے مینوفیکچرنگ پروسیس پر محمد ذیشان کو اور کمپیوٹر ورک میں محمد ظفر کو پہلی سہ ماہی کیلئے بہترین کارکردگی کا ایوارڈ دیا گیا۔

آخر میں ٹرینر وسیم احمد نے کہا کہ کارکردگی کی راہ میں آگے بڑھنے کے طریقہء کار کا تعین کرنے اور تمام ایمپلائز کو اعلیٰ کارکردگی کا حامل بنا کر کمپنی کو ایک اعلیٰ ترین کارکردگی کا ادارہ بنانے کیلئے وہ اس طرح کے ایک اور سیشن کا ہتمام کریں گے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ آنے والے دنوں میں وہ "Emotional Intelligence" اور "Operational Excellence" وغیرہ پر ٹریننگ دیں گے۔ انہوں نے اس سرگرمی کے انعقاد کے سلسلے میں جمشید، محمد آصف اور محمد فیضان کی بھرپور دلچسپی اور محنت کی تعریف کی جنھوں نے اس ٹریننگ کا اہتمام کرنے کے سلسلے میں انتہائی ذمہ داری اور جانفشانی کے ساتھ کام کیا۔ وسیم احمد نے امید ظاہر کی کہ اس طرح ایک ٹیم کے تصور کے ساتھ مل کر کام کرنے سے نیوٹرا اور نیوٹرا اسٹاف ترقی کی راہ میں آگے بڑھتا رہے گا، ان شاءاللہ۔









# نیا دن، نیا سال، حطار پلانٹ

کسی بھی ادارہ کی ترقی کا انحصار اس کی مسلسل پروڈکشن اور بڑھوتی پر ہوتا ہے۔ پروڈکشن کے اہداف کو حاصل کرنے کے لئے ملازمین کا کردار بہت اہم حیثیت رکھتا ہے۔ ملازمین کی شمولیت ایک کام کی جگہ کا نقطہ آغاز ہے۔ جس کے نتیجے میں کسی ادارہ کے تمام ممبران کو اپنے ہر دن اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنا ہوتا ہے جو ان کی اپنی فلاح بہبود کے بہتر احساس کے ساتھ ادارے کی کامیابی میں حصے کا سبب بنتے ہیں۔

2 جنوری 2020 کو حطار پلانٹ پر نئے سال کی آمد کی تقریب منعقد کی گئی جس میں حطار پلانٹ کے تمام ملازمین کیلئے ناشتے کا اہتمام کیا گیا۔ پلانٹ ایڈمنسٹریشن ٹیم کی طرف سے اس تقریب کو بہتر بنانے کی ہر ممکن کوشش کی گئی۔ اس تقریب کو کامیاب بنانے میں عماد الدین منیجر ایڈمن اور ان کی ٹیم نے بھرپور محنت کی اور تقریب کو ایک یادگار تقریب بنا دیا۔ جس کی تمام شرکاء نے کھلے دل سے تعریف کی۔

پلانٹ منیجر محمد شہزاد نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی اور تمام ملازمین کی شرکت پر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آپ کی آمد نے اس تقریب کو چار چاند لگائے ہیں۔انھوں نے اس موقع پر منیجمنٹ کی طرف سے نئے سال کی مبارکباد دی۔ انہوں نے اپنے خطاب میں تمام شرکاء سے کہا کہ ہم سب مل کر عہد کرتے ہیں کہ اور زیادہ محنت سے کام کریں گے اور سیفٹی کو ہمیشہ مقدم رکھیں گے تاکہ ہمارا ادارہ مزید آگے بڑھے۔

ناشتہ کے بعد علاقائی رقص ہوا جس میں تمام ملازمین نے بڑی گرمجوشی سے حصہ لیا اور آخر میں تمام ملازمین نے نئے سال کے بارے میں اپنی اپنی رائے کمنٹس بورڈ میں لکھی اور ادارے کی ترقی اور خوشحالی سے متعلق اپنی محنت اور لگن کا اظہار کیا۔













فارما سیوٹیکلز

# کامیابی کا جشن

## پہلی سہہ ماہی 100 ٹن سیلز

رپورٹ: رقیہ وقار

آئی سی آئی کے فلسفے اور بنیادی اقدار کے مطابق بزنس اور ٹیمیں ہمیشہ ترقی کے حصول کیلئے کوشاں رہتی ہیں اور ان کی توجہ بہتر سے بہتر نتائج کے حصول اور ان کامیابیوں پر خوشی اوراطمینان کا اظہار کرنے پر رہتی ہے۔ اس طرح کیمیکلز ایگری سائنسز نے سیلز میں 100 ٹن کی بلند ترین سطح کو چھو کر کامیابی کا ایک اور سنگ میل عبور کرلیا۔

ماسٹر بیچز مینوفیکچرنگ کی فیسیلیٹی نے گزشتہ مالی سال کے آخر میں کام شروع کیا تھا اور اس وقت سے ٹیموں نے مستحکم ترقی اور پائیدار اقدار کیلئے خدمات انجام دینے کی انتھک کوشیش کیں۔ ان کی پرخلوص کوششوں کے نتیجے میں، ہم پہلی سہ ماہی میں 100 ٹن سیلز کی بلند ترین حد تک پہنچنے میں کامیاب ہوئے۔

اس موقع کو یادگار بنانے کے لئے، ٹیم نے ماسٹر بیچز فیسیلیٹی پر ایک جشن کا اہتمام کیا اور بزنسز کے تمام لوگوں کو مدعو کیا۔ ماسٹر بیچز کے مارکیٹنگ منیجر محمد حسن رفیق نے اس جیت پر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ہر فرد کو مبارکباد دی اور پروڈکشن، کمرشل، تکنیکی ٹیموں اوراس تقریب کیلئے تمام معاون امور انجام دینے والوں کو شیلڈز پیش کیں۔ اس موقع پر کارپوریٹ فنانس منیجر عاطف ابوبکر نے بھی اتنی اہم کامیابی پر تمام متعلقہ افراد کو مبارک باد دی۔

ہمارا یقین ہے کہ اتنی بڑی کامیابی ماسٹر بیچز کی ترقی کی راہ میں صرف پہلا قدم ہے اور ٹیموں نے پہلے ہی اپنی آنکھوں میں آئی سی آئی پاکستان کو اس صنعت کا سب سے بڑا چیمپئین بنانے کا خواب سجالیا ہے۔






کیمیکلز ایگری سائنسز

# پاک پلاس ایکسپو



## ماسٹر بیچز-(Masterbatches) کی شمولیت

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی بنیادی اقدار میں کسٹمرز پر توجہ اولین درجہ رکھتی ہے۔ کمپنی صارفین اور سپلائرز دونوں کے ساتھ مستحکم تعلق رکھتے ہوئے مثبت انداز میں آگے بڑھنے پر یقین رکھتی ہے۔اپنے پارٹنرز کے ساتھ تعلقات کو مزید تقویت دینے کے لئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی ماسٹر بیچ ٹیم نے اپنے برانڈ شیڈز کے تحت بین الاقوامی پلاسٹک، کیمیکلز، ربر اور مشینری ایکسپو PAKPLAS-کے انعقاد میں مشترکہ تعاون کیا۔ایکسپو کی میزبانی پاکستان پلاسٹک مینوفیکچرز ایسوسی ایشن نے کی اور اس کا افتتاح پنجاب کے صوبائی وزیر برائے انڈسٹریز اینڈ کامرس میاں اسلم اقبال نے کیا جبکہ گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔




یہ تقریب لاہور ایکسپو سینٹر میں منعقدہ ہوئی جہاں پاکستان کی پلاسٹکس انڈسٹری سے منسلک نامور افراد نے گہری دلچسپی کے ساتھ شرکت کی۔اس تقریب کا بنیادی مقصد پلاسٹک کے ذمہ دارانہ استعمال کے بارے میں گفتگو کرنے کے علاوہ پاکستان میں پلاسٹکس کے مستقبل کے لئے راہوں کا تعین کرنا تھا۔

ایکسپو میں مہمانوں نے آئی سی آئی ٹیم کی بھرپور پذیرائی کی۔تقریب کے ذریعے جہاں کمپنی کو اہم اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ باہمی گفتگو کرنے، صارفین کا دائرہ وسیع کرنے اور اپنی مینوفیکچرنگ، ٹیکنیکل اور کمرشل صلاحیتوں کا اظہار کرنے میں مدد ملی وہاں اپنی مصنوعات کی مکمل رینج کی نمائش کرنے کا بھی موقع ملا۔

تقریب کے زبردست نتائج سے ماسٹر بیچ ٹیم کو اعتماد حاصل ہوا کہ مستقبل کے نظر آنے والے امکانات آئندہ مہینوں میں ہماری کامیابی میں نمایاں کردار ادا کریں گے۔اور ہم اپنے برانڈ کے وعدےBringing Substance to Lifeپر کاربند رہیں گے۔



# رازق گروپ۔ کیلا بونڈ ڈسٹری بیوٹر

رپورٹ: ارسلان سلیمی، ایریا سیلز منیجر، ایڈہیسیو بزنس: اسپیشلٹی؛ کیمیکلز

25 نومبر 2019 کو لاہور، شیخوپورہ اور قصور ریجن میں کیلا بونڈ رینج کے ایڈہیسیو بزنس کیلئے رازق گروپ کو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے آفیشیل ڈسٹری بیوٹر مقرر کرنے کی تقریب کا انعقاد ہوا۔ 1947 میں قائم ہونے والے رازق گروپ نے نہایت تیزی سے اپنے کاروبار کو وسعت دی اور پاکستان اور افغانستان میں 11 برانچوں کا نیٹ ورک قائم کرنے کے علاوہ، 25 سے زیادہ ملٹی نیشنل کمپنیوں اور 5000 سے زائد عالمی اداروں کے ساتھ کاروباری تعلقات استوار کر کے ترقی کی کئی منزلیں طے کیں۔

آئی سی آئی نے رازق گروپ کو مالی سال 2018-19 کے آخر میں اپنے ساتھ شامل کیا جب گزشتہ ڈسٹری بیوٹرز کے ساتھ کاروباری معاملات ختم کئے گئے۔ شیل پاکستان کے لئے ڈسٹری بیوشن کی خدمات انجام دینے کے ساتھ ڈسٹری بیوٹر نے لاہور، شیخوپورہ اور قصور کیلئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ایڈہیسیو پورٹ فولیو کی ڈسٹری بیوشن کے انتظامات سنبھالنے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ چنانچہ پہلے چار ماہ میں اس کیلئے مارکیٹ میں رابطے قائم کئے اور ان میں کامیابی کے بعد 25 نومبر 2019 کو 150 سے زیادہ بنیادی کسٹمرز کی موجودگی میں اس ریجن میں آئی سی آئی کے آفیشیل ڈسٹری بیوٹر ہونے کا اعلان کیا گیا۔ تاریخ میں ایڈہیسیو کے کاروبار کیلئے ایسی افتتاحی تقریب کبھی منعقد نہیں ہوئی جو ڈسٹری بیوشن کے انتظامات سنبھالنے کے چار ماہ بعد منعقد ہوئی ہو اور یہ آئی سی آئی کی حکمت عملی تھی کہ نئے ڈسٹری بیوٹر کو مارکیٹ کے معاملات سمجھنے اور کسٹمرز کے ساتھ رابطے استوار کرنے کیلئے خاطر خواہ وقت مل سکے۔




تقریب کا اہتمام رازق گروپ کی مارکیٹنگ ٹیم اور آئی سی آئی کی سیلز ٹیم ارسلان سلیمی۔ اے ایس ایم اور احسن نواز۔ ٹی ایس او نے کیا تھا۔ تقریب میں جناب عمار خان سی ای او۔ رازق گروپ، خضر نواز جنرل منیجر ڈسٹری بیوشن بزنس اور وقاص میر نیشنل سیلز منیجر ایڈہیسیو اینڈ کنزیومر کیمیکلز۔ آئی سی آئی پاکستان نے شرکت کی۔ اپنی نوعیت کی پہلی تقریب ہونے کے باعث یہ ایک یادگار موقع تھا جس میں ایڈہیسیو کاروبار کے تاجروں اور کارپینٹرز نے ایک ساتھ شرکت کی۔ تمام مہمانوں نے اس کو خوب سراہا اور توقع ہے کہ آئی سی آئی پاکستان اور رازق گروپ کو مارکیٹ میں بہتر گرفت حاصل ہو گی۔





کیمیکلز اینڈ ایگری سائنسز

# سائیکل میٹنگ، پی سی ہوٹل مظفر آباد

رپورٹ: کاشف رضا، پراڈکٹ منیجر ویجیٹیبل سیڈز

ٹیم کی تیکنیکی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا اور جوش و خروش کا جذبہ بلند رکھنا آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا طرہ امتیاز رہا ہے، جس کے لئے پاکستان کے پر فضا مقام مظفر آباد پی سی ہوٹل میں سائیکل میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔

پروگرام کا باضابطہ آغاز پوری ایگری ٹیم کو پھول کا تحفہ پیش کرکے کیا گیا جو کہ ٹیم کی طرف سے انتہائی سراہا گیا، پھول کا تحفہ پیش کرنے والے احباب میں بزنس منیجر ایگری ڈویژن، ٹیکنیکل اینڈ ڈیولپمنٹ منیجرز، نیشنل سیلز منیجر، پراڈکٹ منیجرز، بزنس پارٹنر فنانس وغیرہ شامل تھے۔

تقریب کا آغاز کرتے ہوئے ایچ ایس ای آفیسر نے لرننگ ایونٹ سے متعلق تفصیلی معلومات فراہم کیں۔

بزنس منیجر ایگری ڈویژن عبدالوہاب خان کی جانب سے ابتدائی کلمات پیش کئے گئے۔

سیلز ٹارگٹ مکمل کرنے والے خوش نصیبوں میں شیلڈز اور انعامات تقسیم کئے گئے، تمام ٹیم کی خوشی دیدنی تھی۔

بعد ازاں محفل موسیقی کے پروگرام کو ٹیم نے بھرپور انداز میں انجوائے کیا اور ان لمحات کو یادگار بنایا۔

موسم کے مطابق آئندہ وانے والی زرعی ادویات خاص طور پر ویڈ کرش، اولالا، لانسز گولڈ، پونیرون، ٹوٹل، نوٹائل، زنگرین وغیرہ، فصلوں اور سبزیات کے ہائیبرڈ بیجوں خاص طور پر سورج مکھی، موسمی مکئی، تربوز، خربوزہ، ٹماٹر، مرچ، گوبھی وغیرہ کی بجائی سے کٹائی تک کے تمام مراحل بشمول کیڑے مکوڑوں، بیماریوں، بڑی بوٹیوں کی معلومات فراہم کی گئیں جو کہ ٹیم نے انتہائی انہماک کے ساتھ سنی اور سیکھیں۔ ہر ٹیکنیکل سیشن کے اختتام پر پراڈکٹ سے متعلق کوئز اور عملاً کردار ادائیگی کا اہتمام کیا گیا، جنکا مقصد ٹیم کی صلاحیتوں کو مزید ابھارنا تھا۔

کاٹن پراجیکٹ سے متعلق عبدالرزاق سومرو نے تازہ ترین معلومات فراہم کیں۔ انھوں نے شرکاء کو بتایا کہ انشاء اللہ سال 2021 میں نئی کاٹن ورائیٹیز متعارف کرادی جائیں گی۔

پراڈکٹ کوئز اور عملاً کردار ادائیگی کے نتائج کی بنیاد پر اول آنے والے ٹیم ممبروں کو تحائف پیش کئے گئے۔

اختتامی کلمات میں بزنس منیجر ایگری ڈویژن عبدالوہاب خان نے تمام ٹیموں کو سراہا، ٹیم نے آئندہ مزید بہترین کارکردگی پیش کرنے کا اعادہ کیا۔














# ہائی کارن 339۔ کاشتکاروں کی اجتماع

رپورٹ: کاشف ریاض، پروڈکٹ مینجر، سیڈز

مکئی ایگری ڈویژن کے پورٹ فولیو میں بڑی فصلوں میں سے ایک ہے۔ ہائی برڈ کارن کی ورائیٹیز اب مقبول تر ہوتی جا رہی ہیں اور اچھے نتائج کی بناء پر مکئی کی فصل کے کاشتکاروں کی اولین ترجیح بن گئی ہیں۔ اپنی فیلڈ کروپ کے پورٹ فولیو میں کارن ہائی برڈ بعض بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی پروڈکٹ میں ہائی کارن 339 شامل ہیں۔ اس بار موسم خزاں کیلئے اس کی ورائٹی اعلیٰ نتائج کی حامل ہونے کے ساتھ ساتھ شدید موسمی حالات کا مقابلہ کرنے کی بھی بہتر صلاحیت رکھتی ہے۔

اس ورائٹی کے فروغ اور مکئی کے مسابقتی علاقوں میں اس کی سیلز میں اضافہ کیلئے گزشتہ دنوں ادا بوٹی پال، ساہیوال کی ڈیولپمنٹ ٹیم کے اشتراک سے ایک اجتماع کا اہتمام کیا گیا۔ اس میں قرب وجوار کے تقریباً 100 متوقع خریدار کاشتکاروں نے شرکت کی۔ محمد بلال، (ایریا مینجر)، عاصم نسیم (آر ایس ایم)، نصیر احمد (ڈیولپمنٹ ایگرونومسٹ) اور اظہر حسین (ڈیولپمنٹ مینجر) نے میٹنگ میں شرکت کی۔

تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ پھر اے ایم محمد بلال نے شرکاء کو خوش آمدید کہا اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا بطور کمپنی تعارف کروایا اور حاضرین کو HSE کا پیغام پہنچایا۔ اس کے بعد ڈیولپمنٹ ایگرونومسٹ نصیر احمد نے حاضرین کو Hycorn 339. اس کی خصوصیات اور متعلقہ ایگرونومیکل کے معمولات کو تفصیل سے بیان کیا۔ بعد ازاں ڈیولپمنٹ ایگرونومسٹ نصیر احمد اور آر ایس ایم عاصم ندیم نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی متعلقہ کارآمد ایگرونومیکل پروڈکٹس کے بارے میں آگہی فراہم کی۔ کاشتکاروں نے اس سلسلے میں کی جانے والی گفت وشنید میں دلچسپی سے حصہ لیا۔ پھر سوال وجواب کا سلسلہ ہوا جس میں نصیر احمد اور عاصم ندیم نے شرکاء کے استفسارات کے تسلی بخش جواب دیئے۔ ایریا مینجر نے اختتامی کلمات ادا کئے جس میں انہوں نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔





# سن فلاور سیمینار کا انعقاد

رپورٹ: کاشف ریاض، پروڈکٹ مینجر، سیڈز

حکومت کی جانب سے خوردنی تیل میں خود کفیل ہونے اور درآمدات کے اخراجات میں بچت کرنے کیلئے پاکستان میں آئل سیڈ کی فصل کو فروغ دینے کی حکمت عملی پر بڑی توجہ دی جا رہی ہے۔ اس حوالے سے سینٹرل کاٹن ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ملتان کے تعاون سے 24 دسمبر 2019 کو سن فلاور کے بارے میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ اس سیمینار میں کمپنی کی جانب سے سیڈز کے ڈیولپمنٹ مینجر اظہر حسین اور ایگروکیمیکلز کے ڈیولپمنٹ مینجر محمد عدنان نے شرکت کی۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے شرکاء اور دیگر آنے والوں کیلئے ایک ڈسپلے اسٹال بھی لگایا جس میں پروڈکٹ کے علاوہ تعارفی مواد بھی رکھا گیا تھا۔ اس کے علاوہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے برانڈز کی برانڈ امیج کو مزید ابھارنے کیلئے اسٹال پر سن فلاور کا ٹی وی کمرشل بھی دکھایا جا رہا تھا۔ ملتان میں منعقدہ اس سیمینار میں حکومتی اداروں کے تحقیق کار، ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ کے عہدیدار، سیڈ انڈسٹری کے نمائندوں اور کاشتکاروں نے شرکت کی۔

سینٹرل کاٹن انسٹیٹیوٹ ملتان کے ڈائریکٹر زاہد محمود نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور شرکاء کو سیمینار کے انعقاد کے مقصد سے آگاہ کیا۔ ابتدائی کلمات کے بعد آئل سیڈ ریسرچ انسٹیٹیوٹ کے ڈائریکٹر آفتاب احمد نے سن فلاور کی فصل کی پیداوار کے بارے میں تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ انہوں نے حاضرین کو فصل کی پیداوار کی ٹیکنالوجی کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ پاکستان میں سن فلاور کی ضرورت کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر اعجاز تبسم نے سن فلاور کی فصل کی زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کیلئے فصل کی ایگرونومی سے متعلق وضاحت کے ساتھ بتایا۔ جب کہ ایم۔ زبیر اور حافظ سعد نے فصلوں سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے سلسلے میں فصل کی حفاظت کے موضوع پر مفید گفتگو کی۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ڈیولپمنٹ مینجر سیڈز، اظہر حسین نے سن فلاور کی پریزنٹیشن دی۔ اس سے پہلے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا تعارف پیش کیا اور پھر سن فلاور کے اسٹار برانڈ Hysun 33 سے متعلق گفتگو کی، جو فروخت کے اعتبار سے گزشتہ 30 سال سے مستقل طور پر سالانہ ٹاپ پوزیشن پر ہے۔ اس کے ساتھ انہوں نے نئی کم وقت میں تیار ہونے والے ہائی برڈز Aguara4 اور T40318 بھی متعارف کروائیں۔

انہوں نے ہر برانڈ کی خصوصیات تفصیل سے بتائیں اور دیگر مارکیٹ برانڈز کے مقابلے میں مسابقتی فوائد بیان کئے۔ نیز ہربائیبرڈ کی کارکردگی کے بارے میں تفصیلی گفتگو کی۔ اس پریزنٹیشن کے دوران میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی تیار کردہ سن فلاور کی دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی۔ اس موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے انہوں نے سن فلاور سیڈ مارکیٹ میں آئی سی آئی کے شیئر کا بھی ذکر کیا۔ پریزنٹیشن کے بعد انہوں نے کاشتکاروں کے سوالوں کے جواب بھی دیئے۔

ایگریکلچر ایکسٹینشن کے ڈپٹی ڈائریکٹر چوہدری منظور نے تقریب کے اختتام پر تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور اختتامی کلمات ادا کئے۔

تقریب کے دوران میں اور اس کے بعد حکومتی عہدیداروں اور کاشتکاروں نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اسٹال کا معائنہ کیا۔ ان کو سیڈز اور ایگروکیمیکلز کی پروڈکٹس دکھائی گئیں اور مہمانوں میں معلوماتی لٹریچر بھی تقسیم کیا گیا۔ اسٹال پر دکھائے گئے کمرشل اشتہارات اور سن فلاور کی دستاویزی فلم تقریب میں آنے والوں کی دلچسپی کا مرکز رہے۔



# آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ زرعی مرکز کا افتتاح

رپورٹ: آصف نعیم



کسی بھی کمپنی کی ترقی میں ان کے بزنس پارٹنرز کا کردار بڑا اہم ہوتا ہے۔ ہمارے کاروبار کو بڑھانے اور مارکیٹنگ کی کوششوں میں اضافہ کیلئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ایگری ڈویژن نے فرنچائز سسٹم کا آغاز کیا ہے۔

جولائی 2019 میں ضلع بہاول نگر کے علاقے چشتیاں کی اناج مارکیٹ میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ زرعی مرکز کا افتتاح ہوا۔ اناج مارکیٹ کے چیئرمین اور ڈسٹرکٹ منیجر ٹی ایم اے نے آئی سی آئی ٹیم کے ہمراہ زرعی مرکز کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر فارمرز کی بڑی تعداد موجود تھی۔

سیلز منیجر، سینٹر زون راؤ عامر نے ریجنل منیجر جمشید علی کے ہمراہ شرکاء سے خطاب کیا اور فارمرز اور شرکاء کو فرنچائز سسٹم کے فوائد سے آگاہ کیا۔



اب فارمرز کی آسانی کیلئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ایگری ڈویژن کی تمام پروڈکٹ رینج بشمول ایگروکیمیکلز، سیڈز اور فصل کیلئے درکار غذائی اجزاء ایک ہی جگہ سے دستیاب ہوں گے۔

زرعی مرکز کی افتتاحی تقریب میں 160 سے زیادہ فارمرز نے شرکت کی ۔اس موقع پر محمد عدنان (ڈیولپمنٹ منیجر) نے فارمرز سے خطاب کیا اور ان کو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی پروڈکٹ رینج بشمول Ulala، لانسر گولڈ، فرٹی K-50 اور فرٹی میکرو کے فوائد سے آگاہ کیا اور ان کے استعمال کے بارے میں رہنما ہدایات دیں۔

فارمرز نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی پاکستان بھر میں فارمر کمیونٹی کی مدد کیلئے کی جانے والی کاوشوں کو سراہا۔





# سن فلاور سیمینار، حیدر آباد

مہمان خصوصی وزیر زراعت، حکومت سندھ محمد اسماعیل راہو

رپورٹ: کاشف ریاض (پروڈکٹ منیجر، سیڈز)

سندھ میں سورج مکھی کی پیداوار بڑھانے اور اس کو فروغ دینے کی مہم کے سلسلے میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، ایگری ڈویژن نے سندھ آباد گار بورڈ اور ایگری ایکسٹینشن ڈپارٹمنٹ کے اشتراک سے کوریو گھنور، حیدوآباد میں 22 دسمبر 2019 کو ایک سیمینار منعقد کیا۔ اس تقریب میں مہمان خصوصی وزیر زراعت، حکومت سندھ محمد اسماعیل راہو تھے جبکہ مجید نظامانی (صدر سندھ آباد گار بورڈ)، محمود نواز شاہ (سینئر وائس پریزیڈنٹ، سندھ آباد گار بورڈ)، سید ندیم شاہ (ممبر سندھ آباد گار بورڈ)، ایگری ایکسٹینشن سندھ کے عہدیدار، سن فلاور سیڈز کے معروف ڈیلرز اور گولارچی، کوریو گھنور اور ماتلی کے کئی کاشتکاروں نے شرکت کی۔ شرکاء کی مجموعی تعداد 300 سے زیادہ تھی۔

تقریب کے آغاز میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ایگری ڈویژن اور اسپیشل پروجیکٹس کے سینئر ریجنل سیلز منیجر عبدالغفار خانزادہ نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور ابتدائی کلمات کہے۔ ان کلمات کے بعد ٹیکنالوجی ڈپارٹمنٹ کے منیجر فراز علی بٹ نے HSE پریزینٹیشن دی اور شرکاء سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے پروڈکٹ پورٹ فولیو کا تعارف کروایا۔ انہوں نے خاص طور پر Hysun33، Hysun39 اور Aguara4 کا سندھ سن فلاور مارکیٹ کے برانڈ لیڈر کی حیثیت سے ذکر کیا، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ڈیولپمنٹ ایگرنومسٹ جمیل احمد سولنگی نے سن فلاور اور خاص طور پر Hysun39 کے حوالے سے سن فلاور کی زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کیلئے ایگرونومیکل طریقہء کار کی وضاحت کی۔ انہوں نے کاشتکاروں کو نئے ایگرنومی کے تصور سے متعارف کروایا۔ اس کے بعد آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ایگری ڈویژن کے ٹیکنیکل منیجر ساجد محمود نے سن فلاور کے فوائد بیان کئے اور تیار شدہ سن فلاور کے لئے قیمتوں کے آنے والے رجحان سے آگاہ کیا۔ آخر میں النور سول وینٹ انڈسٹری کے مالک شمن من نے تیار شدہ سن فلاور کیلئے سول وینٹ انڈسٹری کی کم سے کم قیمت کا اعلان کیا جس سے کاشتکاروں کو سن فلاور کی کاشت سے حاصل ہونے والے منافع اور سیکورٹی کا علم ہوا۔ سندھ آباد گار بورڈ کے صدر مجید نظامانی نے کاشتکاروں کو سن فلاور کی قیمتوں سے آگاہ کیا، اس کے کمرشل پہلو اجاگر کئے اور سن فلاور کے مستقبل کے بارے میں ان میں اعتماد پیدا کیا۔ سندھ آباد گار بورڈ کے سینئر وائس پریذیڈنٹ محمود نواز نے سن فلاور کیلئے بین الاقوامی مارکیٹ میں بڑھتے ہوئے رجحانات کی تفصیل بتائی۔ سندھ آباد گار بورڈ کے ممبر سید ندیم شاہ نے ٹیکنیکل ٹریننگ کے بارے میں سیشن کا اہتمام کیا اور کاشتکاروں کو سن فلاور کی صنعت میں بہتری لانے کیلئے آگہی فراہم کی۔ انہوں نے سندھ کی نمایاں ترین فصلوں میں سے سن فلاور کے فروغ کے سلسلے میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ایگری ڈویژن کے کردار اور کاوشوں کی تعریف کی،۔ انہوں نے Hysun39 کو مارکیٹ میں سن فلاور سیڈ کا ٹاپ برانڈ ہونے کی تائید کی۔

تقریب کے مہمان خصوصی، وزیر برائے زراعت، حکومت سندھ محمد اسماعیل راہو نے آئل سیڈ انڈسٹری کے قیام اور ڈیولپمنٹ کے بارے میں حکومت کی پالیسی پیش کی جو حکومت کے آئل سیڈ کی صس عت کو خود مختار اور خود انحصار بنانے کے وژن کے مطابق ہے۔ ان کی تقریر سے وہاں موجود کاشتکاروں اور ڈیلرز کی حوصلہ افزائی ہوئی۔









کسٹمرز اینڈ ایگری بزنس

# لوکل کمیونٹی کرکٹ گالا 2019








آئی سی آئی پاکستان، وطن عزیز میں جہاں بھی بزنس کرتی ہے وہاں کی لوکل کمیونٹی سے اپنا رشتہ بطور پارٹنر استوار رکھتی ہے۔ جہاں تک ممکن ہو لوکل کمیونٹی کی ضروریات کا خیال کیا جاتا ہے۔ چاہے یہ ضروریات صحت کے حوالے سے ہوں یا تعلیم کے حوالے سے، روزگار کی بات ہو یا صحت مند سرگرمیوں کا معاملہ ہو۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ہر حوالے سے سب سے آگے لوکل کمیونٹی کے ساتھ کھڑی ہوتی ہے۔

لوکل کمیونٹی کے ساتھ اپنے تعلق کو مزید مضبوط کرنے کے لئے اور لوکل کمیونٹی کے نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کی طرف متوجہ کرنے کے لئے 25 اکتوبر 2019 سے 30 اکتوبر 2019 تک الکلی سپورٹس کلب کے گراؤنڈ پر لوکل کمیونٹی کرکٹ گالا کا اہتمام کیا گیا۔



















25 اکتوبر 2019 کو محمد عمر مشتاق ورکس منیجر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ نے اس لوکل کمیونٹی کرکٹ گالا کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس منیجرز، آفیسرز، ایمپلائیز اور لوکل کمیونٹی سے لوگوں کی بھاری تعداد نے شرکت کی۔ اس لوکل کمیونٹی کرکٹ گالا میں علاقہ بھر کی 16 کرکٹ کی اچھی ٹیموں نے حصہ لیا۔ جبکہ ساری ٹیمیں افتتاحی تقریب میں موجود تھیں۔ ہر کھلاڑی کو کمپنی کی طرف سے کرکٹ کٹ دی گئی۔























تقریباً پورا ہفتہ یہ کرکٹ میلہ برقی قمقموں کی روشنی میں سجایا گیا۔ پنڈ دادن خان کرکٹ کلب اور کھوکھر کرکٹ کلب کھیوڑہ کی ٹیمیں فائنل میں پہنچیں اور ان دونوں ٹیموں کے درمیان فائنل ٹاکرا ہوا۔ جو کہ سخت مقابلے کے بعد پنڈ دادن خان کرکٹ کلب نے جیت لیا۔ اس طرح پنڈ دادن خان کرکٹ کلب کی ٹیم پہلے لوکل کمیونٹی کرکٹ گالا کی فاتح رہی۔ میچ کے اختتام پر ایک شاندار اختتامی تقریب منعقد ہوئی جس میں لوکل کمیونٹی سے ملک فیصل عباس سابق چیئرمین MC کھیوڑہ، ملک وقار حسین صدر PTI کھیوڑہ اور ملک آصف کھوکھر سماجی رہنما کھیوڑہ نے خطاب کرتے ہوئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کا اتنا شاندار لوکل کمیونٹی کرکٹ گالا 2019 منعقد کروانے پر شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر محمد عمر مشتاق ورکس مینیجر سوڈا ایش بزنس نے جیتنے والی ٹیم کو مبارکباد دی اور ٹورنامنٹ میں حصہ لینے والے تمام کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی۔ لوکل کمیونٹی کرلٹ گالا 2019 کا پورا پروگرام عاقل کریم ایچ آر مینیجر نے ترتیب دیا۔ عمر مشتاق نے انتظام کرنے والی ٹیم کو شاباش دی۔ لوکل کمیونٹی کا اس ایونٹ میں بھرپور شرکت کرنے پر شکریہ ادا کیا اور بتایا کہ ہم اپنی لوکل کمیونٹی خاص طور پر اپنے نوجوانوں کے لئے کھیلوں جیسی صحت مند سرگرمیوں کا انعقاد کرتے رہیں گے۔ عمر مشتاق نے نوجوانوں پر کھیل کے ساتھ ساتھ تعلیم اور خاص طور پر ٹیکنیکل تعلیم حاصل کرنے پر زور دیا۔

تقسیم انعامات کے بعد یہ لوکل کمیونٹی کرکٹ گالا خوبصورت یادیں چھوڑتا اپنے اختتام کو پہنچا۔












بقیہ

## ریٹائرمنٹ پارٹی 2019۔ کھیوڑہ

محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش بزنس نے ریٹائر ہونے والے ہر ساتھی کی خدمات کا فرداً فرداً ذکر کیا۔ گزرے سالوں میں ریٹائر ہونے والے ایمپلائیز کی تشریف آوری پر ان کا بھی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے پلانٹ کی کارکردگی اور ملکی معیشت پر سیر حاصل گفتگو کی اور پلانٹ کے حوالے سے مستقبل کے منصوبہ جات اور لوکل کمیونٹی سے کمپنی کی کمٹمنٹ کا اعادہ کیا۔

محمد عمر مشتاق کے خطاب کے بعد تمام ریٹائرڈ ایمپلائیز کا ورکس منیجر ہیڈ آفس ڈیپارٹمنٹس اور یونین آفیشلز کے ساتھ گروپ فوٹو سیشن ہوا۔

اس طرح یہ پروقار تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔







# فیملی ڈنر 2019

## 75 سالہ جشن













آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کے آپریشنز کے 75 سال مکمل ہونے پر پلاٹینیم جوبلی تقریب کے حوالے سے سوڈا ایش بزنس میں فیملی ڈنر برائے 2019 کا انعقاد ہوا۔ اس فیملی ڈنر میں ایمپلائیز، ان کی فیملیز، منیجرز، آفیسرز ان کی فیملیز اور تمام اپرنٹسز نے شرکت کی۔

فیملی ڈنر 2019 کا انعقاد بوقت 8 بجے شام مین ایڈمن بلڈنگ کے سامنے سبزہ زار میں ہوا۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ جس کی سعادت قاری عبدالعزیز نے حاصل کی۔ سی بی اے یونین کے جنرل سیکریٹری محمد صغیر بٹ نے اپنے خطاب میں کمپنی کے ڈائریکٹرز اور شیئر ہولڈرز کو سوڈا ایش بزنس کے 75 سال مکمل ہونے پر مبارکباد دی اور کمپنی انتظامیہ کا فیملی ڈنر 2019 کے انعقاد پر شکریہ ادا کیا۔ سی بی اے کے جنرل سیکریٹری نے اپنے مصمم ارادے کا اظہار کیا کہ ایمپلائیز اپنی محنت سے اپنے ادارے کو مزید ترقی دینے اور مضبوط کرنے کا ذریعہ بنیں گے اور ہماری اپنی کمپنی کے ڈائریکٹرز اور شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ سوڈا ایش بزنس میں مزید سرمایہ کاری کریں ہم اپنے ادارے کی بہتری اور بزنس کی مضبوطی کے لئے ہر چیلنج کا مقابلہ کریں گے۔

اس موقع پر عاقل کریم ہیومن ریسورس منیجر سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ نے ایمپلائیز سے خطاب کرتے ہوئے انہیں پلاٹینیم جوبلی پر مبارکباد دی۔ انھوں نے کہال کہ سوڈا ایش ٹیم کے وژن اور ایمپلائیز کی شبانہ روز محنت نے سوڈا ایش بزنس کو وطن عزیز کا صفِ اول کا صنعتی یونٹ بنادیا ہے۔ انھوں نے ایمپلائیز سے کہا کہ اس ادارے کو مزید مضبوط بنانے کیلئے ہمیں اور زیادہ محنت کرنا ہوگی۔ فیملی ڈنر 2019 کی تقریب میں محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش بزنس نے 75 سال کے کامیاب آپریشنز کی تکمیل پر ڈائریکٹرز، شیئر ہولڈرز، ایمپلائیز ان کی فیملیز اور کمپنی پراڈکٹ کے کسٹمرز کو دلی مبارکباد دی اور کہا کہ اس موقع پر ہم اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں اور ان لوگوں کے بھی جنھوں نے 1944 سے آج یعنی 2019 تک اس ادارے کی ہر لحاظ سے خدمت کی۔



















آج ہمارا فرض ہے کہ اس ادارے کو اتنا مضبوط کر دیں کہ یہ اگلے 75 سال تک لوگوں کے لئے ایک ذریعہ روز گار رہے۔ انھوں نے اس موقع پر کمپنی کی پالیسیز اور ان پر عمل کے طریقہ کار کا تفصیلی ذکر کیا۔ HSE&S کے حوالے سے کمپنی کا نقطہ نظر اور ضرورت پر زور دیا۔ ادارے کو در پیش چیلنجز اور ان کے حل کے حوالے سے گفتگو کی انھوں نے کہا کہ لوکل کمیونٹی اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ایک دوسرے کیلئے جزولاینفک ہیں۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ جہاں بھی بزنس کرتی ہے۔ اپنی مقامی کمیونٹی کا خیال رکھتی ہے۔ اسی لئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈاایش بزنس کھیوڑہ کا اپنی کمیونٹی سے ایک مضبوط رشتہ ہے اور یہ دن بدن مضبوط سے مظبوط تر ہوتا جائے گا۔

سی بی اے یونین کے جنرل سیکریٹری کی گفتگو پر تبصرہ کرتے ہوئے عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈاایش بزنس کھیوڑہ نے ادارے کے حوالے سے ان کے خیالات اور جذبات کی تعریف کی اور ایمپلائیز کے بچوں کو تعلیم حاصل کرنے اور خاص طور پر ٹیکنیکل تعلیم حاصل کرنے کا مشورہ دیا۔

بعد ازاں تمام ایمپلائیز نے کھانا تناول کیا اور نہایت ہی خوشگوار یادیں چھوڑتا یہ پروگرام اپنے اختتام کو پہنچا۔









# ایمرجنسی رسپانس پروسیجر

انڈسٹری لائف میں روز مرہ زندگی کی نسبت زیادہ خطرات پائے جاتے ہیں۔ اسی طرح انڈسٹری میں حادثات کے ممکنات بھی زیادہ پائے جاتے ہیں۔ جسکو کنٹرول کرنے کے لئے پالیسز اور پروسیجرز کو مرتب کیا جاتا ہے۔ اسی تناظر میں ہم اگر آئی سی آئی سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ پر نظر دوڑائیں تو آئی سی آئی سوڈا ایش بزنس نے ایمرجنسی کنٹرول پروسیجر پر بہت کام کیا ہے اور اس کی ٹریننگ پر بھی بہت توجہ دی جاتی ہے۔ اسی سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے ایمرجنسی کنٹرول پروسیجر کی ٹریننگ آئی سی آئی سوڈا ایش بزنس کے ہیلتھ سیفٹی ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے منعقد کی گئی جس میں آئی سی آئی سوڈا ایش کے ٹریننگ آفیسر راجہ غلام اکبر نے ایمرجنسی رسپانس پروسیجر پر بڑے احسن انداز میں گفتگو کی۔ اس ٹریننگ میں آئی سی آئی سوڈا ایش بزنس کے مستقل ملازمین کے علاوہ عارضی ملازمین نے بھی شرکت کی اور اس ٹریننگ کو بھی خوب سراہا۔ اس ٹریننگ میں بتایا گیا کہ آئی سی آئی سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں کون کون سے خطرات موجود ہیں۔ جن کی وجہ سے خدانخواستہ ایمرجنسی یا حادثات رونما ہو سکتے ہیں۔ اور ان کو کنٹرول کیسے کیا جانا چاہیئے اور کس طرح ہم ملازمین کو بحفاظت ریسکیو کر سکتے ہیں اور کیا کیا ہم اقدامات کر سکتے ہیں۔ کیونکہ آئی سی آئی سوڈا ایش بزنس کا بنیادی مقصد لوگوں کی جان اور صحت کی حفاظت کرنا ہے تاکہ جس طرح وہ یہاں کام پر آتے ہیں بالکل اسی طرح گھروں کو واپس جائیں۔ اسی چیز کو مدِ نظر رکھتے ہوئے آئی سی آئی سوڈا ایش بزنس کے پروسیجرز میں یہ چیز بڑی تفصیل کے ساتھ بیان کی گئی ہے کہ انڈسٹری میں کون کون ایمرجنسی کنٹرولر ہیں اور کون کون سی ٹیمیں تشکیل دی جاتی ہیں تاکہ حادثات میں نقصانات کی جائزہ لیا جاسکے۔



اس ٹریننگ میں راجہ غلام اکبر نے اس پروسیجر پر بڑی تفصیل کے ساتھ گفتگو کی اور عملی طور پر بھی بتایا کہ کس طرح ہم کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں کس طرح اس کو رپورٹ کر سکتے ہیں اور دورانِ ایمرجنسی کس طرح ہم ملازمین کو ریسکیو کر کے محفوظ مقام پر منتقل کر سکتے ہیں جو کہ اسمبلی پوائنٹ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ جو خاص طور پر ایسی جگہ پر بنایا جاتا ہے جو پلانٹ سے تقریباً ہٹ کر اور محفوظ مقام ہو۔ جہاں تمام لوگ بحفاظت کھڑے ہو سکیں۔ اس ٹریننگ کے شرکاء نے اس ٹریننگ کو خوب سراہا اور اس پروسیجر کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس بات کا اعادہ کیا کہ ہم پلانٹ پر کسی بھی قسم کی ایسی چیز کو فوراً رپورٹ کریں گے جو کسی بھی قسم کے حادثے کا سبب بن سکتی ہو۔

# محفوظ ڈرائیونگ ٹریننگ

ہمارے سوڈا ایش بزنس نے ان ڈرائیوروں کو جو کسی نہ کسی طرح ہمارے سوڈا ایش کے کاروبار سے منسلک ہیں، ان کے لیے موٹر وے پولیس کے تعاون سے ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا جس میں کنٹریکٹر اور سپلائرز کے بھاری گاڑیوں کے ڈرائیورز نے شرکت کی۔ اس سلسلے میں آئی سی آئی نے موٹروے کے ماہر اور تجربہ کار آفیسر کو مدعو کیا۔ موٹروے پولیس سے آئے ہوئے آفیسرز نے ویڈیوز اور سلائیڈز کے ساتھ لوگوں کو حادثات کی وجوہات پر بتایا اور انکو محفوظ ڈرائیونگ کے بارے میں آگاہ کیا اور ساتھ ہی ساتھ یہ بھی بتایا کہ سفر کے دوران ہم کون سے اقدامات لے کر اپنے آپ کو کیسے محفوظ کر سکتے ہیں۔ اس ٹریننگ میں تمام بھاری گاڑیوں والے ڈرائیورز کے ساتھ ساتھ امونیا ٹینکر کے ڈرائیورز اور سیکورٹی سٹاف نے بھی شرکت کی۔





# یونین: الوداعی تقریب

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش پلانٹ کی یونین اپنے ساتھی کارکنوں کا بہت خیال رکھتی ہے۔ سال 2019 میں ریٹائر ہونے والے ساتھیوں کیلئے حسب سابق یونین کی جانب سے بھی ایک علیحدہ الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں کارکنان نے بھرپور شرکت کی اس موقع پر یونین کے جنرل سیکریٹری اور صدر نے اپنے الوداع ہونے والے ساتھیوں کی کارکردگی کو شاندار الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کیا اور ماضی میں ساتھ گزرے ہوئے لمحوں کو یاد کیا۔ یونین کی جانب سے ریٹائر ہونے والے ساتھیوں کو یادگاری تحائف بھی دیئے گئے۔













# ریٹائرمنٹ پارٹی 2019۔کھیوڑہ









ہر سال 31 دسمبر کو کمپنی سے ریٹائر ہونے والے ایمپلائیز کے اعزاز میں ایک پر وقار الوداعی تقریب سوڈاایش بزنس کھیوڑہ کی ایک قابلِ فخر اور شاندار روایت ہے اس ریٹائرمنٹ پارٹی میں اس سال اور ماضی کے سالوں میں کمپنی سے ریٹائر ہونے والے تمام ایمپلائیز شرکت کرتے ہیں، پرانے ساتھیوں کی ملاقات سے جو سماں بندھتا ہے وہ ماحول اس پارٹی کی اہمیت اور ضرورت کو دوچند کر دیتا ہے۔

اس سال بھی 31 دسمبر 2019 بروز منگل بوقت 4 بجے سہہ پہر، ایڈمن آفس بلڈنگ کے سامنے سرسبز وشاداب لان میں ریٹائرمنٹ پارٹی برائے 2019 کا انعقاد ہوا۔ اس میں گزرے سالوں میں ریٹائر ہونے والے ایمپلائیز کی بھاری تعداد نے شرکت کی۔ تمام ریٹائر ہونے والے رفقائے کار کا نہایت ہی شاندار استقبال کیا گیا۔

اس پر وقار تقریب کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ جس کی سعادت حاجی محمد رمضان نے حاصل کی۔ ورکس منیجر محمد عمر مشتاق اور سی بی اے یونین کے صدر قیصر علی نے تمام ریٹائر ہونے والے ساتھیوں کو ہار پہنائے اور الکلی کلب کی طرف سے تمام ریٹائر ہونے والے ایمپلائیز کو تحائف دیئے ۔الکلی سپورٹس کلب کی نمائندگی حمزہ اسماعیل چیئرمین الکلی اسپورٹس نے کی۔

اس موقع پر محمد صغیر بٹ جنرل سیکریٹری CBA نے اظہار خیال کرتے ہوئے تمام ایمپلائیز کی گرانقدر خدمات پر ان کو خراج عقیدت پیش کیا۔

بقیہ صفحہ نمبر 59





ہمقدم

Published by Corporate Communications & Public Affairs Department
ICI House, 5 West Wharf, Karachi, 74000
Designed by AA Graphics / Printed by Appletree Graphics